WWW.ASIAURDU.COM

16 APRIL 2026

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح — ABC CERTIFIED — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY ASIA URDU MULTAN

روزنامہ

ایشیاء اردو

ملتان / پاکستان

ایڈیٹر انچیف : جنید ملک

جلد نمبر 4 | جمعرات 27 شوال 1447ھ 16 اپریل 2026ء 03 بیساکھ صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 138

پوپ کو پتہ ہی نہیں دنیا میں کیا ہو رہا ہے سیز فائر میں توسیع سے بہتر معاہدہ ایران کی تعمیر نو بہترین آپشن ہے ٹرمپ

امریکہ ایران جنگ بندی معاہدے کے قریب پہنچ گئے اسلام آباد میں مذاکرات کے دوسرے راؤنڈ کی تیاریاں شروع

جنگ ختم ہونے کے قریب، ایران بہت شدت سے معاہدہ کرنا چاہتا ہے، سیز فائر میں توسیع کا نہیں سوچ رہے، میرا نہیں خیال کہ اس کی ضرورت پڑے گی، امریکی صدر

امریکی صدر چاہتے ہیں ایران سے چھوٹی نہیں جامع ڈیل ہو، جے ڈی وینس، خطے میں مستقل امن کے قیام کیلئے موثر اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں چینی وزارت خارجہ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) امریکا اور ایران جنگ کے خاتمے کیلئے فریم ورک معاہدے کے قریب پہنچ گئے۔ امریکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق امریکی حکام نے بتایا کہ امریکی اور ایرانی عہدیداروں کے درمیان مذاکرات کے دوسرے دور کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ مذاکرات میں منگل کے روز پیش رفت ہوئی ہے، دونوں ممالک جنگ بندی فریم ورک معاہدے کے قریب ترین پہنچ گئے ہیں۔ اس سے قبل امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں امریکی صدر کا کہنا تھا کہ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے، ایران بہت شدت سے معاہدہ کرنا چاہتا ہے، آنے والے دو دنوں میں ایک حیرت انگیز منظر دیکھنے کو ملے گا، امریکا کی ترجیح معاہدہ کرنا ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران جنگ ختم ہونے کے قریب ہے، ایران کے ساتھ سیز فائر میں توسیع کے بارے میں نہیں سوچ رہا، میرا نہیں خیال کہ اس کی ضرورت پڑے گی، میرے خیال میں معاہدہ بہتر ہے تاکہ وہ تعمیر کر سکیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فاکس نیوز کو

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

ایران مذاکرات کے لئے ہمیشہ تیار مرضی مسلط کرنے یا سرینڈر پر مجبور کرنے کی کوئی بھی کوشش ناکام ہوگی ایرانی صدر

ثالثی و امن مشن وزیر اعظم سعودی عرب فیلڈ مارشل تہران پہنچ گئے

شہزادہ محمد بن سلمان، ایرانی حکام سے اہم ملاقاتیں

ملاقاتوں میں دوطرفہ تعاون کیساتھ ساتھ علاقائی امن و سلامتی اور خطے کی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا جائیگا، وزیراعظم پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت کیلئے ترکیہ کا بھی دورہ کرینگے

فیلڈ مارشل کا دورہ ایران جاری ثالثی کی کوششوں کا حصہ ہے، آئی ایس پی آر، پاکستان کے ذریعے امریکا سے پیغامات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے، اب مذاکرات مکمل جنگ بندی کیلئے ہونگے، ایران

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف سرکاری دورے پر سعودی عرب پہنچ گئے۔ کنگ عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر گورنر جدہ نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف آج سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے ملاقات

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران جنگ نہیں چاہتا، مذاکرات کے لئے ہمیشہ تیار ہے بی بی سی رپورٹ کے مطابق اپنے ایک بیان میں ایرانی صدر نے یہ بھی واضح کیا ہے کہ دشمن کی مرضی مسلط کرنے یا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

امریکا ایران مذاکرات کا تسلسل ناگزیر ہے، انتونیو گوتریس

اقوام متحدہ (پینا نیوز) اقوام متحدہ کے سربراہ انتونیو گوتریس نے کہا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کی بحالی کا قوی امکان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستانی عازمین حج کی بہترین میزبانی کو یقینی بنایا جائے: وزیر مذہبی امور

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی زیر صدارت حج انتظامات کا جائزہ اجلاس ہوا سیکرٹری مذہبی امور ابرار احمد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم شہباز شریف سے مکہ کے ڈپٹی گورنر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم محمد شہباز شریف سعودی عرب کے دورے پر چلے گئے

شہباز شریف 15 سے 18 اپریل 2026ء تک سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کا سرکاری دورہ کرینگے

اسلام آباد (پینا نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سعودی عرب کے دورے پر چلے گئے، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ اور معاون خصوصی سید طارق فاطمی ان کے ہمراہ ہیں۔ پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق وزیر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کی آنکھوں کا تفصیلی طبی معائنہ

راولپنڈی (پینا نیوز) ماہر ڈاکٹروں پر مشتمل 3 رکنی ٹیم کی اڈیالہ جیل میں بشریٰ بی بی کی آنکھوں کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ میڈیکل ٹیم میں الشفا آئی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

صدر مملکت آصف علی زرداری کا بھارت کی جانب سے پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے پر اظہار تشویش

اسلام آباد (پینا نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے بھارت کی جانب سے پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنے پر تشویش کا اظہار کرتے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

سفارت کاری واقعہ کی بجائے ایک عمل ہے، وزیر خزانہ

آئی ایم ایف پروگرام کے بنیادی فریم ورک پر عمل درآمد میں پرعزم ہیں

موجودہ بیرونی جھٹکوں کے تناظر میں یہ پروگرام استحکام اور مارکیٹ کے اعتماد کا ایک معتبر ذریعہ ہے

اسلام آباد (پینا نیوز) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ سفارت کاری واقعہ کی بجائے ایک عمل ہے، مشرق وسطیٰ امن مذاکرات کے حوالہ سے پاکستان اپنا کردار احسن طریقے سے ادا کر رہا ہے، آئی ایم ایف پروگرام کے بنیادی فریم ورک پر عمل

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو مثالی گاؤں اور صاف پانی پراجیکٹس پر پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ دی جا رہی ہے

ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے: ٹرمپ

یہ جنگ کسی بھی سمت جا سکتی ہے، تاہم ہم سفارتی حل کو ترجیح دیتے ہیں، انٹرویو

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی صدر ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے، انہوں نے آئندہ دو دنوں کو انتہائی اہم قرار دیا ہے۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے امریکی صدر نے کہا ہے کہ جنگ بندی میں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

سپریم کورٹ کا پی آئی اے کے ملازم کو 24 سال کی پنشن ادا کرنے کا حکم

اسلام آباد (پینا نیوز) سپریم کورٹ نے قومی ایئرلائن کے ایک سابق ملازم کو 24 سال کی پنشن ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے منیجنگ ڈائریکٹر پی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

دعا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ کامیاب ہو، وزیر دفاع

خواہش ہے کہ ایران لبنان اور فلسطین کے حقوق پامال نہ ہوں، خواجہ آصف

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ دعا ہے کہ امریکا ایران مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ کامیاب ہو، خواہش ہے کہ ایران لبنان اور فلسطین کے حقوق پامال نہ ہوں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کے دوران خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

بنوں سے دہشتگردوں نے 3 پولیو ورکرز کو اغوا کر لیا

بنوں (پینا نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں دہشتگردوں نے 3 پولیو ورکرز کو اغوا کر لیا۔ پولیس کے مطابق علاقہ جھنڈو خیل سے دہشتگردوں نے 3 پولیو

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

خواتین کے کیسز کیلئے صرف خواتین افسران مقرر کرنے کا فیصلہ

پردہ نشین خواتین کے کیسز میں مرد اہلکاروں کی مداخلت پر پابندی عائد کر دی گئی

پشاور (پینا نیوز) خیبر پختونخوا حکومت نے خواتین کے کیسز کیلئے صرف خواتین افسران مقرر کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف لینڈ ریکارڈز کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پردہ نشین خواتین کے بیانات کیلئے مرد اہلکاروں کی تعیناتی پر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پولیو فری پنجاب مشن تیز، ملتان ڈویژن میں زیرو ٹالرنس کے تحت بھرپور مہم جاری

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں کی خود فیلڈ میں نگرانی، ہزاروں ٹیمیں متحرک، لاکھوں بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف

پولیو فری پاکستان کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے، والدین اپنے بچوں کو ہر صورت حفاظتی قطرے پلائیں، عامر کریم خاں

ملتان (نامہ نگار) ڈویژنل انتظامیہ نے انسداد پولیو ٹیموں کی براہ راست مانیٹرنگ کا فیصلہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ملتان، کمشنر عامر کریم خاں نجی سکول کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا رہے ہیں

غزہ، شہری خوراک کے حصول کیلئے قطار بنائے کھڑے ہیں

ملک میں بدترین لوڈشیڈنگ، ہر گھنٹے بعد بجلی بندش سے شہری اذیت میں مبتلا

بجلی بندش سے پانی کا بحران بھی پیدا ہونے لگا، رات کے وقت میں گھنٹوں بندش سے شہری نیند سے بھی محروم ہو گئے

بجلی کا شارٹ فال 500 میگاواٹ سے تجاوز کر گیا ہے، میپکو کو ایک کروڑ 10 لاکھ صارفین کے لئے 2000 میگاواٹ بجلی درکار ہے

لاہور (نیوز ایجنسیاں) گرمی کی شدت بڑھنے سے قبل ہی بجلی بحران شدت اختیار کر گیا، ملک بھر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری سے ازبکستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

پنجاب حکومت کو اراضی واپس لینے سے روکنے کے حکم میں توسیع

ہائیکورٹ نے پنجاب حکومت کے وکیل کو جواب داخل کرانے کیلئے مہلت دیدی

لاہور (پینا نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے سرکاری دفاتر کے لئے گورنمنٹ کالج وومن یونیورسٹی سیالکوٹ کی 120 ایکڑ اراضی واپس لینے کے خلاف درخواست پر حکم امتناعی میں توسیع کرتے ہوئے پنجاب حکومت کے وکیل کو جواب داخل کرانے کیلئے مہلت

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وزیراعلیٰ نے ٹریفک جرمانوں میں بڑی کمی کی منظوری دیدی

موٹر سائیکل، کار اور ہیوی وہیکلز کے چالان ریٹس میں نمایاں کمی کی سفارش، سمری اب اسمبلی میں پیش ہوگی

لاہور (پینا نیوز) پنجاب میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر عائد جرمانوں میں بڑی کمی کی تجویز تیار کر لی گئی ہے جسے آئندہ پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈی آئی جی ٹریفک

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

اتر پردیش: نئی ووٹر لسٹ جاری، 2 کروڑ سے زائد نام خارج

بڑی تعداد میں رائے دھندگان کا اخراج جمہوریت کیساتھ دھوکہ ہے، حزب اختلاف

لکھنؤ (پینا نیوز) بھارتی ریاست اتر پردیش میں خصوصی جامع نظر ثانی مہم کے بعد حتمی ووٹر فہرست جاری کر دی گئی ہے۔ ریاست کے چیف الیکٹورل افسر نودیپ رنوا نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ اب ریاست میں کل ووٹروں کی تعداد 31 کروڑ 93 لاکھ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کیخلاف لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست دائر

لاہور (پینا نیوز) ملک بھر میں جاری غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں متفرق درخواست دائر کر دی گئی۔ متفرق درخواست جوڈیشل

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ملتان، سی پی او صادق علی ڈوگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

زیر سمندر کیبل کی مرمت، انٹرنیٹ سروس سست روی کا شکار

اسلام آباد (پینا نیوز) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی لمیٹڈ نے اعلان کیا ہے کہ اس کی ایک زیر سمندر انٹرنیٹ کیبل کی مرمت کا کام 14 اپریل سے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

باپ سے پہلے فوت ہونے والے بیٹی کے وراثتی حقوق بحال

وراثت سے محرومی صرف تکنیکی بنیاد پر ممکن نہیں، عدالت

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی آئینی عدالت نے باپ سے پہلے فوت ہونے والی بیٹی کے وراثتی حقوق بحال کر دیئے۔ عدالت نے عبداللہ خان کی وراثت کو دوبارہ تقسیم کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ وراثت کے حق سے کسی کو محض تکنیکی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

افغان طالبان کی باجوڑ میں آبادی پر گولہ باری، 2 بچوں سمیت 3 افراد شہید

بھارتی حمایت یافتہ افغان طالبان نے باجوڑ کے سرحدی علاقے کٹ کوٹ کے گاؤں ملک شاہین میں سول آبادی پر بلا اشتعال جارحیت کی

پاک فوج نے فوری جوابی کارروائی میں افغانستان سے فائر کرنے والی گن پوزیشن کو مکمل تباہ کر دیا

اسلام آباد (پینا نیوز) افغان طالبان کی باجوڑ میں پاکستانی سول آبادی پر گولہ باری سے دو بچوں سمیت 3 افراد شہید اور تین شدید زخمی ہو گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بھارتی حمایت یافتہ افغان طالبان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ خطاب کر رہے ہیں

ملتان بینچ سے کیس لاہور ہائیکورٹ ٹرانسفر کرانے کی درخواست پر سماعت ملتوی

لاہور (پینا نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے ملتان بینچ سے کیس لاہور ہائیکورٹ ٹرانسفر کرانے کی درخواست پر سماعت آئندہ ہفتے تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے عبدالغفور کی درخواست پر سماعت کی۔ پنجاب

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

یورینیئم افزودگی پر پابندی کی مدت پر ایران امریکا کا جھگڑا برقرار

فیصلہ ایران کو کرنا ہے جبکہ ایران کم سے کم رعایت دینے کی پالیسی پر قائم ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکا اور ایران کے درمیان جوہری پروگرام پر مذاکرات ایک بار پھر ہونے جا رہے ہیں۔ عرب ٹی وی کی ایک رپورٹ کے مطابق امریکا اور ایران کے درمیان بنیادی اختلاف یورینیئم افزودگی پر پابندی کی مدت بتایا جا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

گھر سے 2 کروڑ روپے کی چوری، ملزم 24 گھنٹے میں گرفتار

سی پی او صادق علی ڈوگر مدعی مقدمہ کو برآمد شدہ رقم 02 کروڑ روپے اس کے حوالے کی

ملتان (کرائم رپورٹر) تھانہ جلیل آباد کے علاقے ولائت آباد سے گھر سے نقدی رقم مبلغ 02 کروڑ روپے چوری کی واردات کو 24 گھنٹے میں ٹریس کر کے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا۔ سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر کی ہدایت پر ایس ایس پی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

خیبر پختونخوا پولیس اہلکاروں کو بقایاجات کی ادائیگی کا فیصلہ

محکمہ خزانہ نے متعلقہ افسران کو جلد واجبات کے بل کلیئر کرنے کی ہدایت کر دی

پشاور (پینا نیوز) خیبر پختونخوا میں 2018 سے ترقی پانے والے پولیس اہلکاروں کو بقایاجات کی ادائیگی کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ محکمہ خزانہ نے متعلقہ افسران کو جلد واجبات کے بل کلیئر کرنے کی ہدایت کی ہے۔ آئی جی آفس نے بتایا محکمہ خزانہ کے پاس

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

وفاقی ترقیاتی بجٹ میں مزید 63 ارب روپے کی کٹوتی

کٹوتی کے بعد پی ایس ڈی پی کا حجم 837 ارب روپے رہ گیا

پی ایس ڈی پی میں کٹوتی وزارت خزانہ کی طرف سے کی گئی ہے، ذرائع

اسلام آباد (پینا نیوز) وفاقی ترقیاتی بجٹ میں مزید 63 ارب روپے کی کٹوتی کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق کٹوتی کے بعد پی ایس ڈی پی کا حجم 837 ارب روپے رہ گیا، پی ایس ڈی پی میں کٹوتی وزارت خزانہ کی طرف سے کی گئی ہے۔ اس سے قبل

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

سرکاری محکمے عوامی مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات کریں، سید علی حیدر گیلانی

چیئرمین PAC سید علی حیدر گیلانی کی زیر صدارت محکمہ خوراک کے آڈٹ پیراز بارے اجلاس، کارکردگی پر عدم اطمینان، شفافیت اور فوری اصلاحات کی ہدایت

کسانوں کو ادائیگیاں براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جا رہی ہیں، بریفنگ

ملتان (سٹی رپورٹر) چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی پنجاب سید علی حیدر گیلانی کی زیر صدارت محکمہ خوراک، اس سے منسلک محکموں اور خودمختار اداروں کے سال 2021-22 کے آڈٹ پیراز (سول)

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

چیئرمین PAC پنجاب سید علی حیدر گیلانی محکمہ خوراک کے آڈٹ پیراز پر پی اے سی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مسلم حکمران ایک نہ ہوئے تو استعمال ہونگے اور اپنے وسائل کے مالک نہیں رہیں گے، مولانا فضل الرحمان

اسلام آباد (پینا نیوز) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جنگ بندی کی توقع، مستقبل امن کی تمنا کے ساتھ اسلامی بلاک کا قیام ہماری خواہش ہے، مسلم حکمران ایک نہ ہوئے تو استعمال ہوتے رہیں گے اور اپنے وسائل سے بھی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پنجاب میں گرمی کے بعد (آج) سے بارشوں کی پیشگوئی

فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، بھکر، لیہ، راجن پور، نور پور تھل اور ڈیرہ غازی خان میں بارش کا امکان

لاہور (پینا نیوز) لاہور سمیت پنجاب بھر میں گرمی کی شدت میں بتدریج اضافہ ہونے لگا تاہم آج (جمعرات) 16 سے 18 اپریل تک پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بارش کا امکان ہے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق راولپنڈی، مری، گلیات،

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

سعودی عرب کا پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر اضافی معاونت کا اعلان، 5 ارب ڈالر ڈپازٹ میں توسیع

سعودی عرب کا 5 ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا طویل مدت کیلئے بڑھا دیا جائیگا، وزارت خزانہ

حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اپنے اہداف کے مطابق ذخائر کو تقریباً 18 ارب ڈالر تک لے جانے کیلئے پرعزم ہے، اورنگزیب

واشنگٹن (پینا نیوز) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کو رواں ماہ بڑی ادائیگیوں کے بعد مالیاتی استحکام بارے اہم پیشرفت ہوئی ہے، سعودی عرب کی جانب سے پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر اضافی معاونت اور 5 ارب ڈالر کے ڈپازٹ میں توسیع کا اعلان کیا گیا ہے جبکہ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بتایا ہے کہ مملکت سعودی عرب نے پاکستان کیلئے مزید 3 ارب ڈالر کے ڈپازٹس کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، وفاقی وزیر محمد حنیف عباسی سے گورنر سندھ نہال ہاشمی ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل اور لبنان کا براہ راست مذاکرات شروع کرنے پر اتفاق

یہ اجلاس 1993 کے بعد دونوں ممالک کی حکومتوں کے درمیان ہونے والی پہلی براہ راست بات چیت تھی

امریکا میں اسرائیل کے سفیر یخیئل لیٹر نے کہا کہ تینوں ممالک کے نمائندوں کو معلوم ہو گیا ہے کہ ہم سب ایک ہی طرف کھڑے ہیں

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا ہے کہ واشنگٹن میں منگل کو ہونے والی بات چیت کے بعد اسرائیل اور لبنان کے درمیان براہ راست مذاکرات شروع کرنے پر اتفاق ہو گیا ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے نائب ترجمان ٹامی پیگٹ نے کہا کہ دونوں ممالک کے سفیروں اور امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے درمیان ہونے والی یہ ملاقات تاریخی تھی۔ امید ہے کہ واشنگٹن کی ثالثی میں طویل المدتی امن

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN
روزنامہ
[redacted]
ایشیاء اردو
سر
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک
جمعرات 16 اپریل 2026

جنگ نہیں، مذاکرات ہی راستہ

امریکہ، اسرائیل اور ایران جنگ کے حوالے سے کئے گئے گیلپ انٹرنیشنل کے ایک سروے کے مطابق قریباً 80 فیصد افراد نے اِس تنازعہ کی ذمہ داری امریکہ اور اسرائیل پر عائد کی۔ اِن میں 44 فیصد نے دونوں ممالک کو براہِ راست ذمہ دار قرار دیا، جبکہ 24 فیصد نے امریکہ اور 12 فیصد نے صرف اسرائیل کو اِس جنگ کا ذمہ دار ٹھہرایا۔ دوسری جانب 15 فیصد افراد نے ایران کو قصوروار قرار دیا۔ سروے میں دنیا کے 15 ممالک کے 13 ہزار افراد سے رائے لی گئی، نتائج سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ عالمی عوام کی اکثریت کسی ایک فریق کے ساتھ نہیں ہے، قریباً 60 فیصد افراد اِس معاملے میں غیر جانبدار تھے، 16 فیصد نے امریکہ اور اسرائیل کی حمایت کی جبکہ 16 فیصد ہی ایران کے حمایتی تھے۔ ایران کی سب سے زیادہ 79 فیصد حمایت پاکستان میں دیکھنے میں آئی جبکہ 36 فیصد کے ساتھ ترکیہ کے عوام دوسرے نمبر پر رہے۔ اِسی طرح امریکہ اور اسرائیل کی سب سے زیادہ 30 فیصد حمایت کولمبیا میں تھی جبکہ 28 فیصد کے ساتھ فلپائن دوسرے نمبر پر رہا۔ ایران میں حکومت کی تبدیلی سے متعلق 47 فیصد کا خیال تھا کہ ایسا ممکن نہیں ہو گا جبکہ 21 فیصد افراد کی رائے تھی کہ حکومت بدل جائے گی۔ سروے میں 59 فیصد لوگوں نے توقع ظاہر کی کہ یہ جنگ کئی ماہ تک چلے گی جبکہ صرف 26 فیصد نے کہا کہ یہ ہفتوں میں ختم ہو جائے گی۔ عالمی عوام کو اب عدم استحکام کی توقع ہے، 63 فیصد کے نزدیک ایران میں افراتفری اور اندرونی کشمکش شروع ہو جائے گی اور 60 فیصد کا خیال تھا کہ مشرق وسطیٰ مزید غیر مستحکم ہو جائے گا جبکہ 69 فیصد کے مطابق اسرائیل کو بیرونی حملوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ معاشی حوالے سے بھی لوگوں میں خدشات نمایاں تھے، سروے میں شامل افراد کی بڑی تعداد نے کہا کہ اِس جنگ کے نتیجے میں عالمی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے خاص طور پر تیل کی قیمتوں اور مہنگائی میں اضافے کے ساتھ ساتھ عمومی اقتصادی دباؤ کا خطرہ بہت حد تک بڑھ جائے گا۔ یہ خدشات تقریباً تمام خطوں میں مشترکہ طور پر پائے گئے جو اِس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ لوگ اِس تنازعہ کو صرف سیاسی نہیں، بلکہ ایک بڑا معاشی خطرہ بھی سمجھتے ہیں، 53 فیصد افراد کو سخت مالی نقصان اور 33 فیصد کو معمولی مالی نقصان کی توقع تھی جبکہ نو فیصد ایسے تھے جنہیں کسی نقصان کی توقع نہیں ہے۔ سروے کے مطابق لوگوں کو یقین نہیں کہ یہ تنازعہ کسی مثبت انجام تک پہنچے گا یا اِس سے خطے میں کسی قسم کا کوئی استحکام آئے گا بلکہ زیادہ تر لوگوں کا خیال تھا کہ یہ جنگ مزید مسائل اور غیر یقینی صورتحال کو جنم دے گی۔

یہ سروے ایسے وقت میں سامنے آیا جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے آبنائے ہُرمَز کی ناکہ بندی کر دی ہے۔ اُنہوں نے خلاف ورزی کرنے والے جہازوں کو تباہ کرنے کی دھمکی بھی دی اور کہا کہ ایران معاہدہ کرنے کے لئے بے تاب ہے اور وہ بالآخر جوہری ہتھیاروں سے دستبرداری پر رضامند ہو جائے گا تاہم اگر ایران نے ایسا نہ کیا تو اُس کے ساتھ کوئی معاہدہ نہیں ہو گا۔ اُنہوں نے ایران پر الزام عائد کیا کہ وہ آبنائے ہرمز میں 'ٹول' کی صورت میں بھتہ وصول کر رہا ہے جسے ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ امریکی ٹیم نے مذاکرات میں اچھی کارکردگی دکھائی جبکہ چینی صدر شی جن پنگ بھی ایران سے جاری تنازعہ کے خاتمے کے خواہاں ہیں۔ ایران نے امریکی اقدامات پر سخت ردِعمل دیتے ہوئے خلیجی بندرگاہوں کی ناکہ بندی کو غیر قانونی اور بحری قذاقی کے مترادف قرار دیا۔ ایرانی حکام کا کہنا تھا کہ اگر کسی ایرانی بندرگاہ پر حملہ کیا گیا تو خلیج کی ہر بندرگاہ غیر محفوظ ہو جائے گی۔ ایران نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ امریکی دھمکیوں کے باوجود اُس کے دو تیل بردار جہاز خلیج سے با آسانی نکل گئے جبکہ پاسداران انقلاب کا کہنا تھا کہ آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول ہے اور وہ دشمن کی کسی بھی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کے لئے تیار ہیں۔ ایرانی حکام نے خبردار کیا کہ آبنائے ہرمز کے قریب آنے والے فوجی جہازوں کو جنگ بندی کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا اور اُن کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ ایران کے دارالحکومت تہران میں امریکہ کی طرف سے آبنائے ہرمز بند کرنے کے خلاف ہزاروں افراد نے سڑکوں پر آ کر امریکہ اور صدر ٹرمپ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ چین کی وزارتِ خارجہ نے ایرانی بندرگاہوں کی امریکی ناکہ بندی کو خطرناک اور غیر ذمہ دارانہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اِس سے نہ صرف کشیدگی مزید بڑھے گی بلکہ جنگ بندی کے معاہدے کو بھی نقصان پہنچے گا۔ روسی وزارتِ خارجہ کے سرکاری بیان کے مطابق روس نے ایران سے کہا کہ مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنا اور ایسے حل تلاش کرنا ضروری ہے جس سے تنازعہ کی جڑ ہی ختم کی جا سکے، خطے میں طویل المدتی استحکام قائم ہو اور اِس عمل میں ایران اور اِس کے پڑوسی ممالک کے جائز مفادات کو بھی مد نظر رکھا جانا چاہئے۔ روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ کسی بھی صورت میں دوبارہ تصادم نہیں ہونا چاہئے۔ سعودی عرب اور قطر سمیت خلیجی ریاستیں بھی اِس جنگ سے چھٹکارا چاہتی ہیں، پاکستان بھرپور کوششیں کر رہا ہے کہ امریکہ اور ایران ایک بار پھر مذاکرات کی میز پر بیٹھ جائیں، اِس سلسلے میں پاکستانی قیادت کئی ممالک سے رابطے میں ہے۔ وزیراعظم پاکستان اِس مقصد کے لئے سعودی عرب اور ترکیہ کا دورے بھی کر سکتے ہیں جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ امریکہ ایران مذاکرات کا دوسرا دور جلد ہو گا۔ پاکستانی میڈیا میں ذرائع کے حوالے یہ خبر بھی چلتی رہی کہ رواں ہفتے کے آخر تک مذاکرات کا دوسرا دور ہو گا۔ گیلپ انٹرنیشنل کے سروے سے واضح ہے کہ دنیا بھر میں زیادہ تر لوگ اِس جنگ کا جلد از جلد خاتمہ چاہتے ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ اِس جنگ سے خطے میں کشیدگی بڑھ تو سکتی ہے لیکن اِس میں کمی کسی صورت نہیں آئے گی۔ دنیا کے بیشتر عوام کی خواہش ہے کہ اِس بحران کا حل جنگ کے میدان میں نہیں بلکہ سفارت کاری اور بامعنی مذاکرات کے ذریعے نکالا جائے۔ طاقت کے استعمال، دھمکیوں اور محاذ آرائی سے کچھ حاصل نہیں ہو گا۔ دونوں فریقوں پر یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ کشیدگی میں مزید اضافے کے بجائے مذاکرات کے ذریعے فوری اور پائیدار حل کی جانب بڑھیں۔ جنگ کا پھیلاؤ صرف خطے ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لئے معاشی بے یقینی، مہنگائی، توانائی بحران اور انسانی مشکلات میں اضافے کا سبب بن سکتا ہے۔

سفارتکاری کا نیا دور: دنیا بھر کی نظریں ایک بار پھر اسلام آباد پر

نبضِ وقت

تحریر: نعمان حفیظ
noumancity64@gmail.com

عالمی سیاست کے بدلتے ہوئے منظر نامے میں ایک بار پھر پاکستان کا دارالحکومت اسلام آباد عالمی توجہ کا مرکز بنتا جا رہا ہے۔ امریکہ اور ایران جیسے دو اہم اور بااثر ممالک کے درمیان ممکنہ مذاکرات کے لیے اسلام آباد کا انتخاب کسی معمولی پیش رفت کا نتیجہ نہیں بلکہ پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی اہمیت، اعتماد اور غیر جانبدار کردار کا واضح اظہار ہے۔ بین الاقوامی برادری اب پاکستان کو محض ایک علاقائی ریاست نہیں بلکہ ایک ذمہ دار، سنجیدہ اور مؤثر ثالث کے طور پر دیکھ رہی ہے، جو پیچیدہ تنازعات کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بیان کہ امریکہ آئندہ مذاکرات کے لیے پاکستان کو ترجیح دے رہا ہے، عالمی سفارتی حلقوں میں ایک بڑی تبدیلی کی علامت ہے۔ ان کا یہ کہنا کہ "ہم پاکستان جانے پر زیادہ مائل ہیں" اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ واشنگٹن کو اسلام آباد کی ثالثی پر اعتماد حاصل ہو چکا ہے۔ مزید برآں، انہوں نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی قیادت اور حکمتِ عملی ہی وہ عنصر ہے جس نے پاکستان کو اس اہم مقام تک پہنچایا ہے۔ یہ بیان نہ صرف پاکستان کی عسکری قیادت کے لیے اعزاز ہے بلکہ عالمی سطح پر پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی مضبوط کرتا ہے۔

ایران کی جانب سے بھی پاکستان کو مذاکرات کے لیے ترجیح دینا اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ اسلام آباد دونوں فریقین کے لیے ایک قابل اعتماد پلیٹ فارم بن چکا ہے۔ ایرانی حکام کے بیانات سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ پاکستان کی غیر جانبداری اور سنجیدہ سفارتی کردار پر مکمل اعتماد رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اگر مذاکرات کا دوسرا دور ہوتا ہے تو ایران پاکستان کو اولین ترجیح دینے پر آمادہ ہے۔ یہ پیش رفت پاکستان کے لیے ایک بڑی سفارتی کامیابی ہے کیونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ پاکستان نہ صرف مغربی دنیا بلکہ مشرق وسطیٰ میں بھی ایک متوازن کردار ادا کر رہا ہے۔

بین الاقوامی خبر رساں اداروں سمیت مختلف عالمی ذرائع نے بھی اس امکان کی تصدیق کی ہے کہ امریکہ اور ایران کے وفود جلد ہی اسلام آباد میں مذاکرات کے لیے جمع ہو سکتے ہیں۔ یہ خبریں اس بات کو مزید تقویت دیتی ہیں کہ پاکستان عالمی سفارتکاری کے مرکز کے طور پر ابھر رہا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والے یہ ممکنہ مذاکرات نہ صرف خطے بلکہ پوری دنیا کے لیے اہمیت کے حامل ہوں گے، کیونکہ امریکہ اور ایران کے تعلقات کا اثر عالمی معیشت، توانائی کے بحران اور سلامتی کی صورتحال پر براہ راست پڑتا ہے۔

اگر اس پیش رفت کا گہرائی سے تجزیہ کیا جائے تو یہ پاکستان کے لیے ایک سنہری موقع ہے۔ سب سے پہلے، یہ پاکستان کو عالمی سطح پر ایک امن پسند اور ذمہ دار ریاست کے طور پر اپنی شناخت مزید مضبوط کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ دوم، اس کے ذریعے پاکستان اپنی سفارتی ساکھ کو بہتر بنا سکتا ہے اور عالمی طاقتوں کے ساتھ تعلقات کو نئی جہت دے سکتا ہے۔ سوم، اس عمل کے نتیجے میں پاکستان کو اقتصادی فوائد بھی حاصل ہو سکتے ہیں، کیونکہ عالمی توجہ کسی بھی ملک میں سرمایہ کاری، ترقیاتی منصوبوں اور بین الاقوامی تعاون کے دروازے کھولتی ہے۔

تاہم، اس موقع کے ساتھ کئی چیلنجز بھی وابستہ ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان تعلقات انتہائی پیچیدہ اور حساس نوعیت کے ہیں۔ ان دونوں ممالک کے درمیان اعتماد کی کمی اور ماضی کے تنازعات کسی بھی وقت مذاکرات کو متاثر کر سکتے ہیں۔ ایسے میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ وہ انتہائی احتیاط، دانشمندی اور توازن کا مظاہرہ کرے۔ پاکستان کو اپنی سفارتی حکمتِ عملی کو نہایت پیشہ ورانہ انداز میں آگے بڑھانا ہوگا تاکہ وہ دونوں فریقین کا اعتماد برقرار رکھ سکے۔

پاکستان کو داخلی استحکام پر بھی توجہ دینا ہوگی۔ سیاسی ہم آہنگی، مضبوط پالیسی سازی اور ادارہ جاتی ہم آہنگی ہی وہ عوامل ہیں جو کسی بھی ملک کو عالمی سطح پر مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بناتے ہیں۔ اگر پاکستان داخلی سطح پر مضبوط ہوگا تو وہ بین الاقوامی سطح پر بھی زیادہ مؤثر انداز میں اپنا کردار ادا کر سکے گا۔

یہ بھی قابل غور ہے کہ ماضی میں پاکستان نے کئی اہم عالمی اور علاقائی معاملات میں مثبت کردار ادا کیا ہے، تاہم اس بار صورتحال مختلف ہے۔ اس بار نہ صرف پاکستان ثالثی کر رہا ہے بلکہ عالمی طاقتیں خود اس کی طرف رجوع کر رہی ہیں۔ یہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کی ایک بڑی کامیابی ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ دنیا اب پاکستان کو ایک سنجیدہ اور قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر تسلیم کر رہی ہے۔

اسلام آباد کا ایک بار پھر عالمی سفارتکاری کے مرکز کے طور پر ابھرنا ایک تاریخی لمحہ ہے۔ یہ پاکستان کے لیے ایک امتحان بھی ہے اور ایک موقع بھی۔ اگر پاکستان نے اس موقع کو دانشمندی، بصیرت اور مؤثر حکمتِ عملی کے ساتھ استعمال کیا تو نہ صرف وہ اپنی عالمی حیثیت کو مضبوط بنا سکے گا بلکہ خطے میں امن و استحکام کے قیام میں بھی کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ دنیا کی نظریں ایک بار پھر اسلام آباد پر ہیں، اور اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستان اپنی صلاحیتوں، قیادت اور سفارتی مہارت کا بھرپور مظاہرہ کرے۔

جہیز رسم اور جائیداد میں حصہ بیٹی کا حق ہے

صدا بصحرا

رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

معاشرے کی اصل پہچان اس کے کمزور طبقات کے ساتھ برتاؤ سے ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں اس پیمانے پر اگر کسی کے ساتھ سب سے زیادہ ناانصافی ہوئی ہے تو وہ بیٹی ہے۔ بظاہر ہم بیٹی کی پیدائش پر خوشیاں مناتے ہیں، دعائیں دیتے ہیں، مگر جیسے جیسے وہ جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی ہے، فرسودہ رسمیں اس کے گرد ایک ایسا حصار قائم کر دیتی ہیں جس میں اس کے حقوق دم توڑنے لگتے ہیں۔ انہی رسموں میں سب سے سنگین اور دیرینہ مسئلہ "جہیز" کا ہے۔ جہیز کی رسم نے معاشرے کو اس حد تک اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے کہ ہزاروں نہیں لاکھوں بیٹیاں جہیز نہ ہونے کی وجہ سے والدین کی دہلیز پر بیٹھی رہ جاتی ہیں۔

ہم نے جہیز کو محبت، عزت اور ذمہ داری کا نام دے کر ایک ایسی سماجی روایت بنا دیا ہے جو درحقیقت بیٹی کے حق پر پردہ ڈالتی ہے۔ والدین اپنی زندگی بھر کی جمع پونجی، زیور، سامان، حتیٰ کہ قرض لے کر بھی بیٹی کو رخصت کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ انہوں نے اپنا فرض ادا کر دیا۔ مگر کیا واقعی یہ فرض کی ادائیگی ہے؟ یا یہ ایک ایسی روایت کی پیروی ہے جس نے انصاف کے اصل تصور کو دھندلا دیا ہے؟

اسلام نے عورت کو وہ مقام دیا جس کا تصور بھی بہت سے معاشروں میں نہیں کیا جا سکتا تھا۔ قرآن حکیم نے نہایت وضاحت کے ساتھ جائیداد میں بیٹی، بیوی، ماں اور بہن کے حصے مقرر کیے۔ یہ حصے کسی رعایت یا احسان کے طور پر نہیں بلکہ ایک لازمی حق کے طور پر دیے گئے۔ مگر المیہ یہ ہے کہ ہم نے اس واضح حکم کو نظر انداز کر کے جہیز جیسی غیر شرعی روایت کو ترجیح دے دی۔ ہم بیٹی کو رخصت کرتے وقت اس کے ہاتھ میں سامان تو دے دیتے ہیں، مگر اس کا مستقل حق یعنی جائیداد میں اس کا جو حصہ بنتا ہے وہ اس سے چھین لیتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ جہیز ایک وقتی سہارا ہے جو وقت کے ساتھ ختم ہو جاتا ہے۔ چند سالوں میں فرنیچر پرانا ہو جاتا ہے، برقی آلات ناکارہ ہو جاتے ہیں اور زیور بھی اکثر حالات کی نذر ہو جاتا ہے۔ اس کے برعکس جائیداد میں حصہ بیٹی کو ایک مضبوط معاشی بنیاد فراہم کرتا ہے۔ یہ اسے خود مختاری دیتا ہے، عزت نفس عطا کرتا ہے اور زندگی کے نشیب و فراز میں سہارا بنتا ہے۔ یہ صرف ایک مالی حق نہیں بلکہ اس کی شخصیت اور وقار کا تحفظ بھی ہے۔

جہیز کی روایت نے نہ صرف بیٹیوں کے حقوق کو پامال کیا بلکہ والدین کو بھی ایک نہ ختم ہونے والے معاشی بوجھ تلے دبا دیا ہے۔ کتنے ہی گھر ایسے ہیں جہاں بیٹی کی شادی کے لیے زمینیں بیچ دی جاتی ہیں، قرضوں کا بوجھ اٹھایا جاتا ہے اور برسوں تک اس کی قیمت چکائی جاتی ہے۔ یہ سب صرف اس لیے کہ معاشرہ انگلی نہ اٹھائے۔ مگر یہی معاشرہ اس وقت خاموش رہتا ہے جب بیٹی کو اس کے حق وراثت سے محروم کیا جاتا ہے۔

یہ تضاد ہماری اجتماعی سوچ کا آئینہ دار ہے، جہاں دکھاوا حقیقت پر غالب آ چکا ہے اور رسمیں انصاف کو نگل گئی ہیں۔ ہمیں یہ ماننا ہوگا کہ جہیز دراصل ایک سماجی دباؤ ہے، نہ کہ دینی یا اخلاقی فریضہ ہے جبکہ جائیداد میں حصہ دینا نہ صرف شرعی حکم ہے بلکہ ایک منصفانہ معاشرے کی بنیاد بھی ہے۔

آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم اپنے رویوں کا سنجیدگی سے جائزہ لیں۔ بیٹی کو جہیز دینے کے بجائے اس کے نام جائیداد منتقل کی جائے، اسے اس کا قانونی اور شرعی حق دیا جائے۔ یہ قدم نہ صرف ایک فرد کی زندگی بدل سکتا ہے بلکہ پورے معاشرے میں انصاف اور توازن کو فروغ دے سکتا ہے۔ اس کا سادہ سا طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ بیٹی کی شادی کے وقت زمین میں اس کا جو حصہ بنتا ہے اس کی رجسٹری تیار کروا لی جائے۔ نقد رقم جو اس کے حصے میں آتی ہے اسے چیک یا کیش کی صورت میں تیار رکھا جائے اور بیٹی کی رخصتی کے وقت جائیداد کے کاغذات اور نقدی اسے دے کر گھر سے رخصت کیا جائے۔ یہ بیٹی پر احسان نہیں بلکہ اس کے حق کی ادائیگی ہوگی۔

اگرچہ یہ فیصلہ آسان نہیں ہوگا کیونکہ یہ عمل روایت کے خلاف جانے کا حوصلہ مانگتا ہے۔ مگر یہی وہ جرات ہے جو قوموں کی تقدیر بدلتی ہے۔ ہمیں یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم رسموں کے غلام بن کر جئیں گے یا انصاف کو اپنا شعار بنائیں گے۔

اگر ہم واقعی اپنی بیٹیوں سے محبت کرتے ہیں تو ہمیں ان کے لیے وقتی آسائش نہیں بلکہ مستقل تحفظ کا بندوبست کرنا ہوگا۔

وقت آ گیا ہے کہ ہم سوچ بدلیں، رویے بدلیں اور ترجیحات کا از سر نو تعین کریں۔

بیٹی کو جہیز نہیں، جائیداد میں حصہ دیجیے کیونکہ یہی اس کا حق ہے، یہی انصاف ہے، اور یہی ایک مہذب معاشرے کی اصل پہچان ہے۔

اسلام آباد کی میز، وقار، مکالمہ اور تاریخی ذمہ داری

ڈاکٹر سعدیہ بشیر

مذاکرات کی میز پر کسی قوم کی نمائندگی محض ایک سفارتی سرگرمی نہیں، درحقیقت اس قوم کے وقار، فہم اور اجتماعی شعور کی بھرپور عکاسی ہے۔ پاکستان کا حالیہ قدم، جس میں فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی سربراہی میں ایک جرگہ کی صورت دونوں فریقین کو مکالمہ کا موقع فراہم کیا گیا۔ بلاشبہ ایک بڑی سفارتی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ صرف ایک ملاقات نہیں بلکہ ایک ایسا پلیٹ فارم تھا۔ جہاں تحمل، بردباری اور حکمت کے ساتھ مسائل کو سمجھنے اور حل کی جانب بڑھنے کی سنجیدہ کوشش کی گئی۔ جہاں نتائج سے زیادہ عمل کی اہمیت تھی۔ اور جہاں خاموشیوں کو توڑ کر مکالمے کی بنیاد رکھی گئی۔

یہ عمل اکیس گھنٹوں پر محیط ضرور تھا مگر اس کی معنویت دہائیوں پر پھیلی ہوئی ہے۔ تین واضح مراحل۔ بالواسطہ رابطہ۔ براہ راست گفتگو اور پھر تکنیکی سطح۔ اس بات کا ثبوت تھے کہ معاملہ وقتی نہیں بلکہ سنجیدہ، پیچیدہ اور دور رس نتائج کا حامل تھا۔

یہ بات ذہن میں رکھنا چاہئے کہ مذاکرات کوئی فوری نتائج دینے والا عمل نہیں۔ تعلقات چاہے دو ریاستوں کے درمیان ہوں یا افراد کے درمیان، ایک نشست میں طے نہیں پاتے۔ ان کے پیچھے مسلسل کوشش، اعتماد سازی اور گہری فکری بصیرت درکار ہوتی ہے۔ پاکستانی قیادت نے اس عمل کو جس سنجیدگی اور تدبر کے ساتھ آگے بڑھایا۔ وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہے۔ ایسے مواقع پر فیصلے مسلط نہیں کیے جاتے بلکہ راستے تلاش کیے جاتے ہیں، اور یہی یہاں دیکھنے کو ملا۔

یہ کہنا کہ معاہدہ نہیں ہوا۔ ایک سطحی تجزیہ ہو سکتا ہے۔ اصل حقیقت یہ ہے کہ مکالمہ رکا نہیں۔ ایک فریق نے واپسی اختیار کی۔ جبکہ دوسرے نے تسلسل کی بات کی اور یہی وہ باریک نکتہ ہے۔ جہاں سفارتکاری کی اصل روح زندہ رہتی ہے۔ "ابھی نہیں" اکثر "کبھی نہیں" نہیں ہوتا، بلکہ یہ ایک ایسا وقفہ ہوتا ہے جہاں فیصلے جانچنے کے لئے وقت لیا جاتا ہے۔ جہاں الفاظ وزن اختیار کرتے ہیں اور جہاں اگلے مرحلے کی بنیاد رکھی جاتی ہے۔

اختلافات اپنی جگہ اہم اور پیچیدہ تھے۔ ایٹمی معاملات، علاقائی اثر و رسوخ، سٹریٹجک گزرگاہیں اور سیاسی مفادات۔ یہ وہ مسائل ہیں جو ایک نشست میں حل نہیں ہوتے مگر ان اختلافات کا واضح ہو جانا بذات خود ایک بڑی پیش رفت ہے، کیونکہ جب مسائل کی اصل نوعیت سامنے آ جائے تو حل کی سمت بھی متعین ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اس پورے منظر نامے میں پاکستان کا کردار مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ ایک ایسا ماحول فراہم کرنا جہاں دہائیوں سے دور کھڑے فریق نہ صرف ایک میز پر بیٹھیں بلکہ سنجیدہ اور مہذب انداز میں بات بھی کریں۔ اعتماد، توازن، برداشت اور اعلیٰ درجے کی سفارتی حکمت کا نتیجہ ہوتا ہے۔ پاکستان نے نہ صرف یہ ماحول فراہم کیا بلکہ اسے برقرار بھی رکھا جو کہ ایک بڑی کامیابی ہے۔ دوسری جانب کچھ عناصر ایسے بھی ہیں جو اس کامیابی کو تسلیم کرنے کے بجائے تنقید اور منفی پروپیگنڈے میں مصروف ہیں۔ ان کی نظریں قومی مفاد پر نہیں بلکہ ذاتی تعصبات پر مرکوز ہیں۔ دیکھنے والی آنکھوں میں اگر اخلاص نہ ہو تو کینہ پروری پاکستانی پرچم کے وقار کی بے داغ استری پر سلوٹیں ڈال دیتی ہے۔ یہ امر افسوسناک ہے کہ ماضی میں وہی لوگ۔ جن کے ادوار میں پارلیمنٹ کی حرمت کو مجروح کیا گیا، آج قومی وقار کے دعویدار بنے ہوئے ہیں، جنہوں نے جمہوری اداروں کو کمزور کیا۔ وہ آج ان کی عزت کے علمبردار بننے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن قوم اب باشعور ہو چکی ہے۔ وہ سچ اور جھوٹ میں تمیز کرنا جانتی ہے۔ حالانکہ ایسے لمحات قوموں کی سنجیدگی، ظرف اور تہذیب دکھانے کے ہوتے ہیں۔ نہ کہ اسے کمزور کرنے کے۔ یہ رویے نہ صرف غیر ضروری ہیں بلکہ قومی بیانیے کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اصل تصویر اس کے بالکل برعکس ہے۔ جب مہمان پاکستانی مہمان نوازی کی تعریف کرتے ہیں۔ جب کھانے، موسیقی، اخلاق اور رویوں کو سراہا جاتا ہے تو یہ محض رسمی جملے نہیں۔ امن کی زبان میں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ وہاں موجود فریقین جنگ نہیں، بلکہ سکون چاہتے ہیں۔ تصادم نہیں بلکہ مکالمہ چاہتے ہیں۔ شور نہیں، بلکہ استحکام چاہتے ہیں۔ یہ ملاقات محض ایک رسمی مصافحہ نہیں تھا، بلکہ ایک ایسا غیر معمولی لمحہ تھا۔ جسے سفارت کاری کی زبان میں کامیابی اور تاریخ کی زبان میں ایک بڑی پیش رفت کہا جاتا ہے۔ جو کام دہائیوں تک ممکن نہ ہو سکا۔ وہ پاکستان نے اپنے تدبر، خلوص اور سنجیدہ کاوشوں سے ممکن بنا کر دکھایا۔

دنیا کو ایک ممکنہ تصادم سے بچانے اور مکالمے کی راہ ہموار کرنے میں پاکستان نے جو کردار ادا کیا۔ وہ محض ایک وقتی کامیابی نہیں بلکہ ایک ایسا عمل ہے جو وقت کے ساتھ اپنی اہمیت مزید ثابت کرے گا۔ یہ وہ لمحہ ہے جو تاریخ کے اوراق میں صرف درج نہیں ہوگا بلکہ ایک مثال کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ پاکستان کی یہ کاوش اس بات کا ثبوت ہے کہ اگر نیت صاف ہو۔ قیادت باصلاحیت ہو اور حکمت عملی متوازن ہو تو بڑے سے بڑا فاصلہ بھی کم کیا جا سکتا ہے۔

یہاں قیادت کی بصیرت کا کردار بھی نہایت اہم ہے۔ بروقت فیصلے، متوازن حکمت عملی اور حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے درست سمت کا تعین۔ یہ وہ عناصر ہیں جنہوں نے اس پورے عمل کو ممکن بنایا۔ خصوصاً فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی دوراندیشی نے اس سفارتی کاوش کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کی۔ جس کے نتیجے میں پاکستان نہ صرف ایک میزبان بلکہ ایک باوقار ثالث کے طور پر ابھرا۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ سفارت کاری میں کھلے عام اعتراف کم ہی دیکھنے کو ملتا ہے۔ جب دونوں اطراف کسی کردار کو سراہیں تو یہ محض رسمی جملے نہیں، بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان نے نہ صرف میزبانی کی، بلکہ ایک قابل اعتبار ثالث کے طور پر خود کو منوایا۔

اس عمل میں پاکستان آرمی، نائب وزیر اعظم اور بے شمار دیگر افراد کی مشترکہ کاوشیں شامل ہیں۔ جنہوں نے مل کر پاکستان کا ایک مضبوط، مثبت اور متوازن چہرہ دنیا کے سامنے پیش کیا، جس کے نتیجے میں پاکستان کا وقار عالمی سطح پر مزید بلند ہوا۔ اکیس گھنٹے ضائع نہیں ہوئے۔ ان اکیس گھنٹوں میں خاموشی ٹوٹی۔ فاصلے کم ہوئے۔ لہجے بدلے اور اعتماد کی پہلی اینٹ رکھی گئی۔ یہ مرحلہ کسی انجام کی علامت نہیں بلکہ ایک مہذب توقف اور ایک تسلسل کا آغاز ہے۔ ہر خاموشی بدگمانی نہیں، مصلحت ہوتی ہے۔ یہ ایک نئے مکالمے کی تمہید ہے اور جب مکالمہ شروع ہو جائے تو راستے بند نہیں رہتے، وہ صرف وقت اور نیت مانگتے ہیں۔

پاکستان نے اپنا کردار ادا کر دیا ہے۔ وقار کے ساتھ، حکمت کے ساتھ، بصیرت کے ساتھ اور ذمہ داری کے ساتھ۔ اعتماد کا پہلا زینہ پاکستان میں رکھا گیا، اور تاریخ گواہ ہے کہ بڑے فیصلے ہمیشہ انہی ابتدائی قدموں سے جنم لیتے ہیں۔ اب دنیا پر ہے کہ وہ اس موقع کو کس طرح آگے بڑھاتی ہے۔ پاکستان زندہ باد۔

ایران - امریکہ مذاکرات کا اگلا مرحلہ اور پاکستان

کرنٹ افیئرز

مصطفیٰ کمال پاشا

ایران۔ امریکہ مذاکرات کسی بھی حتمی معاہدے کے بغیر انجام پذیر ہو گئے کسی نے بھی اپنی فتح کا اعلان نہیں کیا، 21 گھنٹے براہ راست مذاکرات ہوئے، 47 سال بعد امریکہ و ایران کے درمیان یہ پہلا موقع تھا کہ دونوں فریق ایک دوسرے کے ساتھ ملے، اکٹھے بیٹھے، بات چیت کی۔ 1979ء میں امام خمینی کی قیادت میں آنے والے انقلاب نے ایران کی سیاسی، سفارتی اور تمدنی حیثیت بدل ڈالی تھی۔ ایران پہلے امریکی حلیف تھا۔ جدید سیکولر تہذیب کا دلدادہ اور پرچارک، انقلاب کے بعد یہ امریکہ دشمن اور ایرانی اسلامی تہذیب کا مرکز قرار پایا تھا۔ انقلاب کے بعد عربی و عجمی اختلافات نے بھی سر اٹھایا، شیعہ سنی معاملات بھی سامنے آئے۔ بہرحال ایران ایک انقلابی ملک کے طور پر سامنے آیا، انقلابی لوگ جو کچھ کرتے ہیں ایران میں کیا گیا تباہی دور حکمران کے نشانات مٹانے اور اس نظام سے وابستہ لوگوں کو نشان عبرت بنانے کا عمل شروع ہوا۔ ایران پر عالمی پابندیاں عائد کر دی گئیں اس کے اثاثے ضبط کر لئے گئے، اس کی تعمیر و ترقی کی راہیں مسدود کر دی گئیں آٹھ سال تک اس پر عراقی جنگ مسلط رہی، ہزاروں نہیں لاکھوں انسانی ہلاک و مجروح ہوئے لیکن ایرانیوں نے ہمت نہیں ہاری، اپنے انقلاب کی حفاظت کی۔ امریکہ و اقوام مغرب نے ایران کو ہمیشہ زیر دباؤ رکھنے اور ایک طاقتور قوم بننے سے روکنے کی عملی کاوشیں کیں۔ ایران کے جوہری پروگرام پر پابندیاں عائد کیں تاکہ ایران ایک طاقتور قوم نہ بن سکے۔ ایران پر جنگ بھی مسلط کی گئی۔ ایران اسرائیل کے حربی و ضربی نشانے پر رہا، ایران نے بھی مشرق وسطیٰ میں مسلکی بنیادوں پر کئی جنگجو گروہ قائم کئے ان کی سرپرستی کی اور انہیں اپنے طے شدہ اہداف کے حصول کے لئے استعمال کیا۔ حالیہ جنگ بنیادی طور پر ایران۔ اسرائیل جنگ تھی لیکن اسرائیلی کاوشوں کے نتیجے میں یہ ایران۔ امریکہ جنگ بن گئی۔ ابتداً یہ جنگ اسرائیل نے ایران پر مسلط کی امریکہ، اسرائیل کے معاون کے طور پر اس میں شریک تھا، بالکل ایسے ہی جیسے حماس، اسرائیل جنگ تھی جس میں امریکہ اور دیگر اقوام مغرب اسرائیلی ظلم و ستم میں اس کی ممد و مددگار تھیں۔ اسرائیل نے امریکی تعاون سے حماس کی حربی و ضربی طاقت کا ہی کچومر نہیں نکالا بلکہ غزہ کو ایک قبرستان میں تبدیل کر دیا۔ اب غزہ رہنے کے قابل نہیں ہے۔ اسرائیل، ایران کو بھی کچھ ایسا ہی کرنے کے لئے نکلا تھا، ایران کی حربی و ضربی صلاحیت ختم کرنے کے لئے اس پر حملہ آور ہوا اس دفعہ حتمی وار کرنا تھا اس لئے حکمت عملی کے تحت امریکہ کو آگے کر دیا گیا خود اسرائیل لبنان میں حزب اللہ کو ختم کرنے کے مشن کی تکمیل پر لگ گیا۔ رجیم چینج، ایٹمی صلاحیت کے خاتمے، میزائل و ڈرون پروڈکشن کو محدود کرنے اور ایسے ہی دیگر اعلان کردہ عزائم کی تکمیل کے لئے اسرائیل و امریکہ ایران پر حملہ آور ہوئے۔ 40 روزہ جنگ میں امریکہ نے ایران کی اینٹ سے اینٹ بجادی، صف اول کی قیادت کو نشانے باندھ کر مارا۔ عسکری تنصیبات پر تاک تاک کر نشانے لگائے۔ شہری املاک کو برباد کیا، تاریخی تباہی کی لیکن ایران نے بھی جنگ کو آخری جنگ سمجھ کر لڑا۔ ایران کے پاس نہ فضائیہ تھی اور نہ ہی فضائی حملوں سے بچنے کا کوئی دفاعی نظام۔ ایران نے اپنے میزائلوں اور ڈرونز کے حکیمانہ استعمال کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں امریکی اہداف کو نشانہ بنایا۔ امریکی اڈوں پر حملے کئے، 29 جنگی اڈے ایرانی میزائلوں کے حملوں سے خالی ہو گئے۔ عرب ممالک میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سرمایہ کار ہی نہیں شرفاء و امراء عرب نے اپنے اپنے ممالک کو چھوڑنے میں ہی عافیت سمجھی۔ عرب دنیا میں بے چینی و بے یقینی بڑھتی چلی گئی۔ اس دوران ایک بات واضح ہونے لگی کہ امریکی فوجی اڈے عربوں کے لئے باعث زحمت ہیں وہ ان کی حفاظت نہیں کر سکتے، بلکہ امریکہ صرف اور صرف اسرائیل کی حفاظت کا ذمہ دار ہے عربوں کا نہیں۔ ایرانی میزائلوں نے اسرائیل میں گھس کر تباہی مچائی۔ اسرائیل نے پہلی دفعہ اتنی مہیب تباہی کا سامنا کیا۔ اسرائیل کے تمام دفاعی نظام دھرے کے دھرے رہ گئے۔ اسرائیل کی عسکری اور حربی و ضربی برتری کا بھانڈہ پھوٹ گیا۔ دنیا کو پتہ چلا کہ اسرائیل کو عسکری طور پر نقصان پہنچایا جا سکتا ہے۔ مسلمانوں کو پتہ چلا کہ اسرائیل کو صفحہ ہستی سے مٹایا جا سکتا ہے۔ اسرائیل اتنا بڑا بدمعاش نہیں ہے جتنا اس کے بارے میں تصور قائم کیا گیا تھا۔ امریکی حمایت کے بغیر اس کی سلامتی کی ضمانت نہیں دی جا سکتی، بہرحال پاکستان کی سفارتی کاوشوں کے باعث فریقین مذاکرات کی میز پر بیٹھے، 21 گھنٹے مذاکرات ہوئے کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہو سکا، کوئی بھی فاتح نہیں بن سکا، کوئی مفتوح نہیں بن سکا۔ مذاکرات ختم نہیں ہوئے کسی فریق نے خاتمے کا اعلان نہیں کیا، پاکستان ایک فاتح کے طور پر میدان میں موجود ہے، مذاکرات کے اگلے مرحلے کے لئے کاوشیں جاری ہیں پاکستان کی اہمیت اپنی جگہ موجود ہے، فریقین پاکستان کے صدقے اور واری جا رہے ہیں۔ خطہ حالت جنگ میں ضرور ہے امریکہ من مانی کر رہا ہے امریکہ کی عالمی سفارتی حیثیت کمزور ہوتی نظر آ رہی ہے جبکہ ایران تباہی و بربادی کے باوجود باوقار انداز میں کھڑا ہے۔ آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کر کے ایران نے اپنی فاتحانہ پوزیشن مستحکم کر لی ہے پوری دنیا میں زلزلہ برپا ہے، تیل کی منڈی میں ہلچل ہے عالمی معیشت میں پریشانی کا عالم ہے امریکی اتحادی اس کا ساتھ چھوڑ چکے ہیں، نیٹو نے اس جنگ میں امریکی اتحادی بننا قبول نہیں کیا ہے۔ آبنائے ہرمز کی ناکہ بندی میں بھی کوئی ملک امریکہ کے ساتھ نہیں ہے۔ امریکی عوام اس جنگ کو اسرائیلی جنگ قرار دے رہے ہیں اور کہا جا رہا ہے کہ اس جنگ سے امریکہ کو کچھ بھی لینا دینا نہیں ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ کی جنگی اخلاقی حیثیت بھی مشکوک ہو چکی ہے۔ ایران بڑی استقامت و جرأت کے ساتھ کھڑا ہے، ہرمز اس کی فتح کی نشانی ہے مشرق وسطیٰ کی پوزیشن تبدیلی کی زد میں آ کر رہے گی۔ امریکی اڈے بے مقصد ثابت ہو چکے ہیں اسرائیل کا گھناؤنا چہرہ دنیا کے سامنے واضح ہو چکا ہے اور وہ اسے تسلیم بھی کر رہے ہیں۔ سیاست میں ہلچل مچی ہوئی ہے تبدیلی سامنے آ رہی ہے۔

پاکستان امن کا داعی



اُجالا

محمد علی یزدانی
maliyazdani5@gmail.com

امریکہ اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی جنگی صورتحال نے دنیا کو ایک بار پھر غیر یقینی اور خوف کے ماحول میں دھکیل دیا ہے۔ یہ تنازع محض دو ممالک تک محدود نہیں رہا بلکہ اس کے اثرات عالمی امن، معیشت اور بین الاقوامی تعلقات پر براہ راست مرتب ہو رہے ہیں۔ ایسے حساس اور نازک وقت میں پاکستان نے ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر آگے بڑھتے ہوئے ایک ایسا کردار ادا کیا ہے جس نے نہ صرف اسے عالمی سطح پر نمایاں کیا بلکہ اسے امن کے داعی کے طور پر بھی منوایا ہے۔

اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والے مذاکرات اگرچہ کسی حتمی معاہدے پر منتج نہ ہو سکے، تاہم اس کے باوجود یہ ایک بڑی سفارتی پیش رفت اور پاکستان کی کامیاب حکمت عملی کا مظہر ہیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ ایسے پیچیدہ اور دیرینہ تنازعات ایک یا دو نشستوں میں حل نہیں ہوتے، بلکہ یہ ایک طویل اور صبر آزما سفارتی عمل کا تقاضا کرتے ہیں۔ اس جنگ کے اثرات صرف عسکری میدان تک محدود نہیں رہے بلکہ عالمی معیشت بھی اس سے بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ آبنائے ہرمز، جو دنیا کی تیل کی ترسیل کا ایک اہم راستہ ہے، اس تنازع کا مرکز بن چکی ہے۔ یہاں کسی بھی قسم کی کشیدگی عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں میں اضافہ اور اقتصادی عدم استحکام کا سبب بنتی ہے، اسی وجہ سے دنیا بھر کے ممالک اس تنازع کو انتہائی سنجیدگی سے دیکھ رہے ہیں اور اس کے جلد از جلد حل کے خواہاں ہیں۔ پاکستان کے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا بیان اس امر کی عکاسی کرتا ہے کہ پاکستان نہ صرف اس عمل میں سنجیدہ ہے بلکہ وہ اس مشن کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے پرعزم بھی ہے، ان کا یہ کہنا کہ دونوں فریق جنگ بندی کے عزم کو برقرار رکھیں، دراصل ایک مثبت سفارتی پیغام ہے جو عالمی برادری کے لیے بھی امید کی کرن ہے۔ اسحاق ڈار نے یہ بھی واضح کیا کہ انہوں نے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ہمراہ ان مذاکرات کے کئی مشکل مگر تعمیری ادوار میں فریقین کی معاونت کی، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان کی سول اور عسکری قیادت ایک پیج پر ہو کر عالمی امن کے لیے کام کر رہی ہے۔ یہ امر بھی نہایت اہم ہے کہ امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس اور ایرانی وفد کی جانب سے پاکستان کی ثالثی کوششوں کو سراہا گیا۔ کسی بھی ثالثی عمل میں میزبان ملک کا غیر جانبدار اور قابل اعتماد ہونا بنیادی شرط ہوتی ہے، اور پاکستان نے اس معیار پر پورا اترتے ہوئے خود کو ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر منوایا ہے۔ امریکہ اور ایران جیسے ممالک کی جانب سے پاکستان کو ایک اچھا میزبان قرار دینا دراصل پاکستان کی سفارتی کامیابی کا کھلا اعتراف ہے اگرچہ یہ حقیقت اپنی جگہ موجود ہے کہ حتمی معاہدہ نہ ہو سکا، سفارتکاری میں اکثر ابتدائی مراحل ایسے ہی ہوتے ہیں جہاں فوری نتائج حاصل نہیں ہوتے، مگر یہ مراحل مستقبل کی کامیابیوں کی بنیاد رکھتے ہیں۔ اسلام آباد مذاکرات نے کم از کم یہ ثابت کر دیا کہ دونوں فریق بات چیت کے لیے تیار ہیں اور پاکستان جیسے ملک پر اعتماد کرنے کو بھی آمادہ ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے اس سارے عمل میں ایک متحرک اور فعال کردار ادا کیا۔ انہوں نے عالمی رہنماؤں سے مسلسل رابطے میں رہ کر نہ صرف پاکستان کا موقف واضح کیا بلکہ دونوں فریقین کو یہ یقین دلایا کہ پاکستان ایک غیر جانبدار اور مخلص ثالث کے طور پر کام کر رہا ہے۔ ان کی قیادت میں وزارت خارجہ نے جس مہارت سے سفارتی حکمت عملی اپنائی، وہ قابل ستائش ہے۔ میاں شہباز شریف کی یہ کوششیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ خطے میں امن کے قیام کے لیے سنجیدہ اور مخلص ہیں۔

دوسری جانب فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے بھی نہایت اہم کردار ادا کیا۔ ان کی عسکری بصیرت اور عالمی امور پر گہری نظر نے اس عمل کو تقویت بخشی۔ انہوں نے نہ صرف سیکیورٹی کے حوالے سے بہترین انتظامات کیے بلکہ پس پردہ سفارتی رابطوں میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ عالمی سطح پر یہ تاثر ابھر کر سامنے آیا کہ پاکستان کی عسکری قیادت بھی امن کے قیام کے لیے اتنی ہی سنجیدہ ہے جتنی کہ سیاسی قیادت۔ یہ امر بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کو ترجیح دی ہے۔ چاہے وہ افغانستان کا مسئلہ ہو یا مشرق وسطیٰ کی صورتحال، پاکستان نے ہر موقع پر مذاکرات اور سفارتکاری کو ہی مسائل کا حل قرار دیا ہے۔ اسلام آباد میں ہونے والے یہ مذاکرات اسی پالیسی کا تسلسل ہیں۔ امریکہ اور ایران کے درمیان ہونے والی یہ عارضی جنگ بندی دراصل ایک موقع ہے، ایک ایسا موقع جسے ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ دونوں ممالک کو چاہیے کہ وہ اس دوران مزید مذاکرات کریں، اپنے تحفظات کو کم کریں اور ایک مستقل حل کی طرف بڑھیں۔ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں، بلکہ یہ مزید مسائل کو جنم دیتی ہے۔ دنیا پہلے ہی کئی بحرانوں کا شکار ہے، ایسے میں اگر یہ جنگ پھیلتی ہے تو یہ سسکتی ہوئی انسانیت اور دنیا بھر کی معیشتوں کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتی ہے۔

ایرا غیرا نتھو خیرا وغیرہ وغیرہ



سیفیات ظریفانہ

ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی
drsaifullah76@gmail.com

کسی عقلمند نے بالکل بجا کہا تھا کوئی ایرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی، کوئی غیرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی، کوئی نتھو ہے سو ہے وہ بھی آدمی، کوئی خیرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی، کوئی وغیرہ وغیرہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی۔ یہ الگ بات ہے، دنیا کی تاریخ ایسے وغیرہ وغیرہ سے بھری پڑی ہے۔ جو خود کو نہ ایرا سمجھتے ہیں نہ غیرا، نہ نتھو سمجھتے ہیں نہ خیرا، نہ خود کو آدمی سمجھتے ہیں۔ عام آدمی کو کچھ نہیں سمجھتے، خود کو ہزار، لاکھ، کروڑ، ارب آدمی سے بہتر سمجھتے ہیں۔ کوئی خود کو کچھ بھی سمجھے، حقیقت ہے، جس نے خود کو پہچان لیا، اس نے حقیقت کو پہچان لیا اور وہ خود کو کچھ بھی نہیں سمجھتا۔ بلھے شاہ نے کہا، بلھیا کی جانا میں کون۔ علامہ اقبال انتہائی درویش طبیعت کے حامل تھے، کہتے تھے، اقبال بھی اقبال سے آگاہ نہیں ہے۔ بلھے شاہ اور علامہ اقبال جیسے لوگ ہی انسانیت کی حقیقت جانتے ہیں۔ انسان ایک معمہ ہے، نہ سمجھنے کا نہ سمجھانے کا، نہ سمجھ آنے کا۔ بے شک ہر انسان ایک گورکھ دھندہ ثابت ہو سکتا ہے، پھندہ ثابت ہو سکتا ہے۔ کسی کے لیے اندھا ثابت ہونا کسی کے لیے پھندہ ثابت ہونا کسی کا دھندا ہو سکتا ہے۔ بندہ وہی ہے جو عقل کا اندھا نہ ہو، نیت کا گندہ نہ ہو۔ کئی لوگ شرافت چھوڑ دیتے ہیں، شر اور آفت کا راستہ اختیار کر لیتے ہیں کئی لوگ خود کو وغیرہ وغیرہ سمجھتے ہیں اور باقی تمام دنیا کو ایرا غیرا نتھو خیرا۔ تاریخ میں ایسے افراد کا تذکرہ بھی ملتا ہے، جو تمام دنیا کی نظر میں وغیرہ وغیرہ تھے، مگر وہ عام آدمی بننا چاہتے تھے۔ انہوں نے تخت چھوڑ دیا۔ تاج چھوڑ دیا۔ راج چھوڑ دیا۔ کسی کو تاراج نہیں کیا۔ خراج نہیں مانگا، خیر مانگی۔ گوتم بدھ جیسی ہستیاں دنیا میں کم ہیں، مگر ہیں۔ ہر دور میں ایسی نیک روحیں موجود رہی ہیں۔ جنہوں نے تخت و تاج کی قربانی دی۔ مگر اپنی انسانیت کی قربانی نہ دی لیکن کیا کیا جائے؟ انسان اگر مسجود ملائک ثابت ہو سکتا ہے تو اسفل سافلین بھی انسان ہی ہوتے ہیں۔ انسان کی ذات کے اندر ہر امکان پایا جاتا ہے۔ انسان ایرا غیرا بھی ہو سکتا ہے، نتھو خیرا بھی ہو سکتا ہے، گہرا بھی ہو سکتا ہے۔ انسان شفا بھی ہو سکتا ہے، وفا بھی ہو سکتا ہے۔ انسان بے حیا بھی ہو سکتا ہے۔ ہر انسان تاریخ کے کٹہرے میں کھڑا ہے۔ کس انسان کی وجہ سے انسانیت شفایاب ہوئی ہے؟ کس انسان کی وجہ سے انسانیت نے دکھ سہا ہے؟ یہ فیصلہ ہمیشہ سے تاریخ کرتی آئی ہے۔ وقت کے جہاں پناہ کو تاریخ کی عدالت میں کبھی پناہ نہیں ملی۔ وقت کے ظل الٰہی جو عالم انسانیت کے لیے ثابت ہوئے تباہی، ان کے خلاف ہمیشہ تاریخ نے دی گواہی، ان کا مقدر ہوئی رسوائی۔ مودی اور نیتن یاہو آپس میں ہیں بھائی بھائی، انہوں نے مچائی ہے دنیا میں تباہی۔ انسان کے بھیس میں یہ ہیں قصائی، خود کو وغیرہ وغیرہ سمجھتے ہیں، ہر کسی کو ایرا غیرا نتھو خیرا سمجھتے ہیں۔ لیکن قبرستان ان جیسے ناگزیر افراد سے بھرے پڑے ہیں۔ یہ وہی انسان ہیں جو چلتا پھرتا شر بھی ہیں اور چلتی پھرتی آفت بھی۔ انہیں شرافت چھو کے بھی نہیں گزری۔ انہوں نے ہمیشہ انسانیت کا نقصان کیا ہے، ایک جہاں کو ہلکان کیا ہے۔ کسی نے بالکل بجا کہا تھا، خالق کائنات کو عام آدمی زیادہ پسند ہوتے ہیں اسی لیے وہ عام آدمی زیادہ بناتا ہے۔ خود کو وغیرہ وغیرہ سمجھنے والوں کی نظر میں دنیا کی زیادہ تر آبادی ہمیشہ ایرا غیرا اور نتھو خیرا پر مشتمل رہی ہے۔ وغیرہ وغیرہ بھی ہر دور میں موجود رہے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ تعداد میں کم ہوتے ہیں لیکن ان کے اعمال کی بدولت اکثریت کو لاحق غم ہوتے ہیں۔ یہ نہیں کہ سارے وغیرہ وغیرہ ایک جیسے ہوتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ بھی کئی رنگ کے ہوتے ہیں، ہر ڈھنگ کے ہوتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ عموماً عام آدمی کو غیر سمجھتے ہیں، عام آدمی بھی انہیں غیر ہی سمجھتا ہے۔

ایرا ہو یا غیرا، نتھو ہو یا خیرا، عموماً لوگوں کی خیر مانگتا ہے۔ خیر ہی بانٹتا ہے، خیر کا ہی متلاشی ہوتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ کس چیز کا متلاشی ہوتا ہے؟ یہ لمبی کہانی ہے، کھلا راز ہے۔ انگریزی محاورے کے مطابق چند سچائیوں کی بازگشت ہواؤں میں بھی سنی جا سکتی ہے۔ وغیرہ وغیرہ عموماً اقتدار چاہتا ہے، وقار چاہتا ہے، بار بار چاہتا ہے۔ اقتدار چاہنا، وقار چاہنا، غیر انسانی خواہش نہیں، بری بات نہیں، جائز خواہش کے حصول کا راستہ بھی جائز ہو تو کوئی بری بات نہیں۔ کئی وغیرہ وغیرہ فرعون کی طرح ہوتے ہیں۔ فرعون بنی اسرائیل کو ایرا غیرا، نتھو خیرا سمجھتا تھا۔ تاریخ کا جبر ہی کہا جا سکتا ہے کہ بنی اسرائیل والے انسانیت کے لیے عزرائیل کا روپ دھار چکے ہیں نیتن یاہو سب کو ایرا غیرا نتھو خیرا سمجھتا ہے۔ وہ کائنات کا عجیب ترین وغیرہ وغیرہ ہے، آواز خلق سے بہرا ہے۔ اس کی آنکھوں پر خود پسندی کا پہرہ ہے۔ اس کے ظلم کا حساب تو قدرت ہی لے سکتی ہے۔ فرعون اور ہٹلر کے کرتوت تمام عالم انسانیت کے لیے باعث شرم ہیں۔ نیتن یاہو ہٹلر بھی ہے اور فرعون بھی۔ وہ چنگیز بھی ہے اور ہلاکو بھی۔ وہ قاتل بھی ہے اور ڈاکو بھی۔ وہ خنجر بھی ہے اور چاقو بھی۔ غرض یہ کہ وہ خیر کے علاوہ سب کچھ ہے۔ یہود، ہٹلر کی سفاکیت کو بہانہ بنا کر نہ صرف فلسطین پر قبضہ جما چکے ہیں بلکہ ہر عرب ملک کی زمین کچھ نہ کچھ ہتھیا چکے ہیں۔ ایرا غیرا ہونا بہتر ہے یا وغیرہ وغیرہ ہونا بہتر ہے؟ جتنے منہ اتنی باتیں۔ اپنا فیصلہ ہر کسی نے خود کرنا ہے۔ کوئی وقت کا بادشاہ تاج چھوڑ دیتا ہے۔ بھرا میلہ چھوڑ دیتا ہے۔ تارک دنیا بن جاتا ہے۔ کوئی سازش کرتا ہے ہر لحظہ ایرا غیرا کی فہرست سے نکل کر وغیرہ وغیرہ بننے کے چکر میں ستم ڈھاتا ہے۔ کوئی ایرا غیرا ہے یا نتھو خیرا یا وغیرہ وغیرہ قبر انتظار میں ہے روز جزا قریب ہے۔

اعلان
ادارہ کا لکھاری کی رائے سے متفق ہونا لازمی نہیں، تحریر کا وہ خود ذمے دار ہو گا

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ سرگرم ABC باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN
روزنامہ ایشیاء اردو
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

کلاسیفائیڈ

شرائط واطلاع مشتہرین وقارئین

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں۔کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

"ایشیاء اردو" کلاسیفائیڈ اشتہارات خصوصی رعایتی پیکیج کے تحت 50روپے فی سطر اور کم ازکم 3سطور میں بک کئے جائینگے ایک سطر میں 8الفاظ ہونے چاہئیں۔

اوور رائٹنگ اور مشکوک مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔

اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

دو فون نمبروں میں ایک غلط یا ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ شائع ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔

غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 2دن میں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں۔

مشتہرین کی سہولت کیلئے مختلف علاقوں میں اشتہارات بکنگ سنٹر کھولے گئے ہیں اگر اشتہار کیلئے آفس آنے میں وقت ہو تو اپنے علاقے میں قائم کردہ روزنامہ ایشیاء اردو سنٹر میں ہمارے مقرر کردہ ریٹ پر اشتہار بک کروائیں۔

عوامی اشتہارات بشمول اتوار صبح 10بجے سے شام 6بجے تک بک کروائیں۔

اتوار کیلئے اشتہارات بروز جمعہ 5 بجے تک بک کروائے جاسکتے ہیں۔

فون نمبر:0302-8652233

بقیہ 1

کریں گے۔وزیراعظم شہباز شریف 18اپریل تک سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق سعودی عرب اور قطر کے دورے دوطرفہ تعلقات اور علاقائی امن پر مرکوز ہوں گے۔وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وزیر اطلاعات عطاء تارڑ اور معاون خصوصی طارق فاطمی بھی روانہ ہوئے ہیں۔ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق وزیراعظم سعودی عرب اور قطر کی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ملاقاتوں میں دوطرفہ تعاون کے ساتھ ساتھ علاقائی امن وسلامتی پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔وزیراعظم پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت کے لیے ترکیہ کا بھی دورہ کریں گے۔

بقیہ 2

سرینڈر پر مجبور کرنے کی کوئی بھی کوشش ناکام ہوگی۔یاد رہے کہ گزشتہ روز امریکی صدر ٹرمپ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا تھا کہ ایران کے ساتھ جنگ ختم ہونے کے قریب ہے ایران نے پاکستان کے ذریعے امریکا سے پیغامات کے تبادلے کی تصدیق کردی۔ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ اب جو بھی مذاکرات ہوں گے مکمل جنگ بندی کے لیے ہوں گے۔اپنے بیان میں ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ پاکستان کے ذریعے امریکا سے پیغامات کا تبادلہ کیا جارہا ہے۔جنگ بندی کے پہلے مرحلے کے بعد متعدد پیغامات بھیجے گئے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ قوی امکان ہے ایران مذاکرات کے تسلسل میں بدھ کو پاکستانی وفد کی میزبانی کرے گا۔

بقیہ 3

انٹرویو میں ایران کے ساتھ مذاکرات میں بڑی پیشرفت کا اشارہ دیتے ہوئے کہا کہ جنگ بندی میں توسیع کا امکان نہیں،اس سے پہلے ہی مسئلہ حل ہوسکتا ہے۔میرے خیال میں ایران کی تعمیر نو کیلئے معاہدہ بہترین آپشن ہے، معاہدہ بہتر ہے تاکہ وہ تعمیر کرسکیں،ایران کو ایٹمی قوت بننے سے روکنے کیلئے فوری اقدام۔ڈونلڈ ٹرمپ نے وضاحت کرتے ہوئے مزید کہا کہ اگر میں نے ابھی اپنا ڈا کھیل دیا تو ایران کو اپنے ملک کی تعمیر نو میں 20سال لگیں گے اور ابھی ہمارا کام ختم نہیں ہوا اور اس اثنا امریکی صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر پوپ لیو کو ہدف تنقید بناڈالا اور اطالوی وزیراعظم کو بھی آڑے ہاتھوں لیا۔ٹرمپ نے کہا کہ پوپ لیو کو ایران کے ایٹمی خطرے کا کوئی علم نہیں، پوپ کو جنگوں پر بات نہیں کرنی چاہیے، پوپ کو پتا ہی نہیں ہے کہ دنیا میں ہو کیا رہا ہے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں،ٹرمپ چاہتے ہیں ایران سے چھوٹی نہیں جامع ڈیل ہو۔نائب امریکی صدر نے یونیورسٹی آف جارجیا میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 49برس میں اس اعلیٰ سطح کے امریکا ایران مذاکرات نہیں ہوئے، 49برس کا عدم اعتماد ایک رات میں دور نہیں ہوسکتا، ایرانی جانتے تھے صدر ٹرمپ نے مجھے نیک نیتی سے بھیجا چین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے بعد اب اسے برقرار رکھنا سب سے بڑا چیلنج ہے۔چینی وزارت خارجہ کے مطابق موجودہ بحران کے اثرات سے عالمی معیشت اور ترقی پذیر ممالک متاثر ہوئے ہیں جبکہ جنگ کے نتائج کا بوجھ عالمی برادری پر نہیں پڑنا چاہیے۔بیان میں کہا گیا کہ جنگ دوبارہ ہونے عالمی برادری کی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور خطے میں مستقل امن کے قیام کیلئے موثر اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔

بقیہ 4

مرزا، ایڈیشنل سیکرٹری ڈاکٹر ساجد محمود چوہان، ڈی جی حج عبدالوہاب سومرو اور دیگر اعلیٰ افسران کی زوم کے ذریعے شرکت کی۔لاہور سے روڈ ٹو مکہ پراجیکٹ کی پہلی پرواز کے انتظامات کا حتمی جائزہ لیا گیا۔وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا کہ عازمین حج کی آمد سے قبل مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ میں ہسپتال اور ڈسپنسریوں کا قیام یقینی بنایا جائے، پاکستانی عازمین حج کی بہترین میزبانی کو یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ بہترین انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے تمام سٹیک ہولڈرز سے موثر رابطے رکھے جائیں،انہوں نے وزارت کے حاجی کیمپوں میں تربیت و ویکسینیشن، تحائف کی تقسیم اور دیگر جاری خدمات کی فراہمی پر اطمینان کا اظہار کیا۔وزیر مذہبی امور نے کہا کہ امسال خدام الحجاج کی تربیت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، عازمین کرام خدام الحجاج کی ہدایات پر عمل کریں تاکہ نظم وضبط یقینی بنایا جاسکے۔سردار محمد یوسف نے کہا کہ عازمین حج سعودی قوانین کی مکمل پیروی کر کے ملک کی نیک نامی کا باعث بنیں،سعودی وزیر حج اور سعودی سفیر کے بھرپور تعاون پر ان کے شکر گزار ہیں۔

بقیہ 5

ہے۔اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دستیاب اشارے بتاتے ہیں کہ یہ مذاکرات دوبارہ شروع ہوسکتے ہیں اور اس عمل کا جاری رہنا نہایت ضروری ہے۔انتونیو گوتریس نے کہا کہ اتنے پیچیدہ اور دیرینہ مسئلے کا حل ایک ہی نشست میں ممکن نہیں، اس لیے مذاکرات کا تسلسل ناگزیر ہے۔انہوں نے زور دیا کہ مذاکرات کے دوران جنگ بندی برقرار رہنی چاہیے اور ضرورت پڑنے پر اسے مزید وسعت دی جانی چاہیے۔اقوام متحدہ کے سربراہ نے مزید کہا کہ اس بحران کا کوئی فوجی حل موجود نہیں اور پائیدار امن کے لیے مستقل سفارتی کوششیں اور سیاسی عزم درکار ہے۔انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ کشیدگی کے بجائے سفارتکاری کو فروغ دیا جائے اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 6

اعظم محمد شہباز شریف 15 سے 18اپریل 2026ء تک سعودی عرب، قطر اور ترکیہ کا سرکاری دورہ کریں گے۔سعودی عرب اور قطر کے دورے میں وزیراعظم دونوں ممالک کی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے جن میں جاری دوطرفہ تعاون کے ساتھ ساتھ علاقائی امن و سلامتی بارے تبادلہ خیال کیا جائے گا۔وزیراعظم محمد شہباز شریف پانچویں انطالیہ ڈپلومیسی فورم میں شرکت کے لیے ترکیہ کا بھی دورہ کریں گے۔فورم کے دوران وزیر اعظم دیگر عالمی رہنماؤں کے ساتھ فورم میں پاکستان کا نقطہ نظر پیش کرنے کے لیے "لیڈرز پینل" میں بھی شرکت کریں گے۔اس موقع پر وزیراعظم محمد شہباز شریف کی صدر رجب طیب اردوان اور دیگر اہم عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی متوقع ہیں۔

بقیہ 7

ٹرسٹ اسپتال کے ڈاکٹر ندیم قریشی، پمز کے ڈاکٹر محمد عارف اور ہولی فیملی اسپتال کے ڈاکٹر آفاق شامل تھے۔ذرائع کے مطابق بشریٰ بی بی نے آنکھوں کے مسائل سے متعلق شکایت کی تھی جس کے بعد تفصیلی معائنہ کیا گیا۔طبی معائنہ جیل اسپتال میں تقریباً دو گھنٹے تک جاری رہا جبکہ میڈیکل ٹیم جدید آلات بھی ساتھ لائی تھی تاکہ نظر اور آنکھوں کی مکمل جانچ کی جاسکے۔اس دوران جیل اسپتال کے طبی عملے نے بھی میڈیکل ٹیم کی معاونت کی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ معائنے کے بعد میڈیکل ٹیم نے بشریٰ بی بی کے لیے آنکھوں کے قطرے تجویز کیے ہیں۔

بقیہ 8

ہوئے کہا کہ پانی کو بطور سیاسی ہتھیار استعمال کرنے کی کوشش سنگین نتائج کی حامل ہے۔صدر مملکت آصف علی زرداری کی زیر صدارت آبی وسائل کے متعلق اجلاس میں پانی کی دستیابی اور آبی سلامتی پر اثرانداز ہونے والی علاقائی پیشرفت کے امور کا جائزہ لیا گیا۔صدر مملکت نے پاکستان کے آبی حقوق کے تحفظ کی اہمیت پر زور دیا۔آصف علی زرداری نے کہا کہ ملکی آبی تحفظ کیلئے تمام ضروری سفارتی اور قانونی اقدامات کیے جائیں، ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کو کم سے کم کرنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جائے کسی بھی قسم کا لوڈ مینجمنٹ مکمل طور پر شفاف اور اعلانیہ انداز میں کیا جائے۔صدر مملکت نے متعلقہ حکام کو ملک بھر میں پانی کے تحفظ کی کوششوں کے سلسلے میں چھوٹے ڈیمز، ریچارج کنوؤں اور پانی ذخیرہ کے ڈھانچے کی تعمیر میں تیزی لانے کی بھی ہدایت کردی۔

بقیہ 9

درآمد میں پرعزم ہیں،موجودہ بیرونی جھٹکوں کے تناظر میں یہ پروگرام استحکام اور مارکیٹ کے اعتماد کا ایک معتبر ذریعہ ہے۔وہ آئی ایم ایف اور عالمی بینک کے سالانہ اجلاسوں کے موقع پر واشنگٹن ڈی سی میں اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں اور تقاریب سے خطاب کررہے تھے۔سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے فرسٹ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر ڈین کیٹز سے ملاقات کی۔وزیر خزانہ نے آئی ایم ایف مشن ٹیم کی جانب سے ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسلٹی کے تحت تیسرے جائزے اور ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسلٹی کے تحت دوسرے جائزے کے موثر اور ہموار انعقاد پر شکریہ ادا کیا۔انہوں نے آگاہ کیا کہ اسٹاف لیول معاہدہ کامیابی سے طے پاچکا ہے اور اب آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کی منظوری کا انتظار ہے۔وزیر خزانہ نے جاری تنازع کے پاکستان کی معیشت پر فوری اثرات سے متعلق فرسٹ ڈپٹی منیجنگ ڈائریکٹر کو بریفنگ دی اور خصوصاً توانائی کی خریداری اور لاجسٹکس کے حوالے سے درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالی۔انہوں نے حکومتی پالیسی ردعمل کا بھی خاکہ پیش کیا جس میں طلب کے نظم و نسق کے اقدامات اور مالیاتی طور پر غیر جانبدار ہدفی سبسڈیز شامل ہیں تاکہ معاشرے کے معاشی طور پر کمزور ترین طبقات کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔انہوں نے آئی ایم ایف قیادت کو بحران کے دوسرے اور تیسرے درجے کے اثرات کے جاری جائزے سے آگاہ کیا، جن میں مہنگائی، اقتصادی ترقی، برآمدات اور ترسیلات زر پر ممکنہ اثرات شامل ہیں۔وزیر خزانہ نے آئندہ ماہ بجٹ سے متعلق مذاکرات، بشمول ٹیکس امور پر مشاورت کے لیے آئی ایم ایف مشن کے متوقع دورے کا خیر مقدم کیا۔انہوں نے پروگرام کے بنیادی فریم ورک کے ساتھ پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ موجودہ بیرونی جھٹکوں کے تناظر میں یہ پروگرام استحکام اور مارکیٹ کے اعتماد کا ایک معتبر ذریعہ ہے۔

بقیہ 10

توسیع پر غور نہیں کر رہے، ایران کے ساتھ جاری جنگ اختتام کے بہت قریب ہے، جبکہ امن مذاکرات کے دوبارہ آغاز کی توقع کی جارہی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ 2 ہفتوں کی جنگ بندی معاہدے کے دوران کشیدگی میں کمی کے بعد اپنے اختتام کے قریب پہنچ چکی ہے۔ٹرمپ نے انٹرویو کے دوران کہا کہ میرا خیال ہے کہ یہ تقریباً ختم ہوچکی ہے، جی ہاں! میں اسے اختتام کے بہت قریب سمجھتا ہوں، آپ اگلے دو دنوں میں حیران کن صورت حال دیکھیں گے۔امریکی صدر نے کہا کہ تہران بہت شدت سے معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ہم ایران سے نکل بھی جائیں تو ایران کو تعمیر نو میں 20 سال لگ جائیں گے۔ٹرمپ کا کہنا تھا کہ یہ جنگ کسی بھی سمت جاسکتی ہے، تاہم ہم سفارتی حل کو ترجیح دیتے ہیں۔انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ ایران میں اب ایک مختلف نظام موجود ہے اور شدت پسند عناصر کا خاتمہ کردیا گیا ہے۔

بقیہ 11

آئی اے سے وضاحت طلب کرلی۔عدالت نے خبردار کیا کہ آئندہ سماعت سے قبل پنشن ادانہ کی گئی تو ایم ڈی کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونا پڑے گا۔درخواست پی آئی اے کے سابق ملازم مصطفیٰ انصاری کی جانب سے دائر کی گئی تھی جس میں موقف اختیار کیا گیا کہ انہیں 2002 میں ایک اسکیم کے تحت ریٹائر کیا گیا تھا۔درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سندھ ہائی کورٹ کے احکامات پر پنشن سمیت دیگر مراعات تو فراہم کی گئیں، تاہم گزشتہ 24 برس کے بقایاجات تاحال ادا نہیں کیے گئے۔سماعت کے دوران جسٹس شاہد وحید نے ریمارکس دیے کہ آیا کسی ملازم کو پنشن ادا نہ کرنے کا کوئی قانون موجود ہے؟ اس پر ملازم کے وکیل نے موقف اپنایا کہ دیگر تمام ملازمین کو باقاعدگی سے پنشن دی جارہی ہے۔پی آئی اے کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے ادارے سے ہدایات لینا ہوں گی۔

بقیہ 12

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی حکمت عملی کے باعث عالمی سطح پر پاکستان کا تشخص بہتر ہوا۔ایسے موڑ پر ہیں کہ ساری دنیا کی نظریں پاکستان پر ہیں۔دعا ہے کہ ایران امریکا مذاکرات کا دوسرا راؤنڈ کامیاب ہو۔دوسری جانب ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان پاکستان کے ذریعے رابطے جاری ہیں۔پاکستان سے ایرانی وفد کی واپسی کے بعد کئی بار پیغامات کا تبادلہ ہوا۔بدھ کو پاکستانی وفد کے دورہ تہران کا قوی امکان ہے جو امریکا کے ساتھ جاری مذاکرات کے سلسلے میں ہوگا۔اسماعیل بقائی کے مطابق پاکستان میں ہونے والے مذاکرات میں جنگ کے مکمل خاتمے پر بات ہوئی۔جنگ سے ہونے والے نقصانات کے ازالے پر بھی بات چیت کی گئی۔

بقیہ 13

ورکرز کو اغوا کرلیا، کریم اللہ، مشکور اللہ اور شاہ زیب پولیو ڈیوٹی کیلئے گئے تھے دہشتگردوں نے پولیو ورکرز کو بی ایچ یو غازی مرجان سے اغوا کیا، واقعے کی اطلاع پر پولیس نے علاقہ گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا۔

بقیہ 14

مکمل پابندی عائد ہوگی۔ابتدائی مرحلے میں نوٹیفکیشن کا اطلاق پشاور میں ہوگا بعدازاں پورے صوبے تک توسیع کا فیصلہ ہوگا۔ڈائریکٹوریٹ آف لینڈ ریکارڈز نے متعلقہ حکام کو احکامات پر فوری طور پر عملدرآمد کی ہدایت کردی، تحصیلدار سطح کی 2خواتین افسران اہل کیشن مقرر کردیے گئے۔

بقیہ 15

میں بدترین لوڈشیڈنگ سے شہری بے حال ہوگئے، بجلی بندش سے پانی کا بحران بھی پیدا ہونے لگا۔ذرائع کے مطابق ملک بھر کی تمام ڈسکوز میں بجلی کی صورتحال ابتر ہوگئی، بجلی کا شارٹ فال 4500میگاواٹ تک جا پہنچا جس کے باعث لاہور سمیت پنجاب بھر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوا ہے۔شہروں میں روزانہ 6 سے 8 گھنٹے اور دیہی علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے تک بجلی کی بندش سے شہری بلبلا اٹھے، دن بھر بجلی کی آنکھ مچولی سے کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا، جبکہ رات کے وقت میں گھنٹوں بندش سے شہری نیند سے بھی محروم ہوگئے۔لیسکو میں شارٹ فال 1ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہوگیا ہے، رات بھر لیسکو ریجن میں بدترین لوڈشیڈنگ کا سلسلہ جاری رہا جس سے وزارت پاور ڈویژن کا 2 گھنٹے 15 منٹ لوڈشیڈنگ کا دعویٰ بھی ہوا ہوگیا۔لاہور کے مختلف علاقوں میں ہر گھنٹے کے بعد ایک گھنٹہ بجلی بند ہو رہی، دیہی علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 8 گھنٹے سے تجاوز کرگیا ہے۔لیسکو ذرائع کا کہنا ہے کہ دن کے اوقات میں سولر کے باعث طلب میں کمی ہوتی ہے، شام ہوتے ہی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ شروع کردیا جاتا ہے۔لیسکو کو رات 1000 میگاواٹ بجلی کے شارٹ فال کا سامنا کرنا پڑا، رات کے اوقات میں لیسکو کی طلب 2900 میگاواٹ تک پہنچ گئی، شہری علاقوں میں بجلی کے کم وولٹیج کی بھی شکایات موصول ہوئیں۔اس کے علاوہ ملتان اور جھنگ میں بھی غیر اعلانیہ اور طویل دورانیہ کی لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان نظر آرہے ہیں

بقیہ 16

پنجاب کی جانب سے بھجوائی گئی سمری کی منظوری دے دی ہے۔سمری کی حتمی منظوری پنجاب اسمبلی کے اجلاس سے مشروط ہوگی۔ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب وقاص نذیر کی جانب سے تیار کردہ مجوزہ سمری کے مطابق مختلف ٹریفک خلاف ورزیوں کے جرمانوں میں نمایاں کمی کی سفارش کی گئی ہے۔سمری کے مطابق موٹر سائیکل کا چالان 2ہزار روپے سے کم کرکے 1ہزار روپے تجویز کیا گیا ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ جرمانہ 2ہزار روپے تک رکھنے کی سفارش ہے۔رکشے کا چالان 3ہزار سے کم کر کے 1ہزار روپے اور سنگین خلاف ورزی پر 2ہزار روپے رکھنے کی تجویز ہے۔اسی طرح کار اور جیپ کا چالان 5ہزار سے کم کرکے 3ہزار روپے کرنے کی تجویز ہے جبکہ سنگین خلاف ورزی پر 5ہزار روپے جرمانہ برقرار رکھنے کی سفارش کی گئی ہے۔موٹر سائیکل، رکشے اور کار میں اوور سپیڈنگ کے جرمانوں کو برقرار رکھنے کی تجویز ہے۔اس کے علاوہ سمری میں 2000سی سی اور اس سے بڑی گاڑیوں کے جرمانے 20ہزار روپے سے کم کرکے 10ہزار روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔چھوٹی مسافر گاڑیوں، مزدا، کوسٹر اور ویگنز کے جرمانے 20ہزار سے کم کرکے 7ہزار روپے جبکہ ٹرک اور بسوں سمیت ہیوی ڈیمیکلز کے جرمانے 20ہزار سے کم کرکے 10ہزار روپے کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ٹریفک حکام کے مطابق مختلف خلاف ورزیوں پر جرمانوں کی نئی شرح پنجاب اسمبلی کی منظوری کے بعد نافذ العمل ہوگی۔

بقیہ 17

شروع ہوچکا ہے جو 20اپریل تک جاری رہے گا جس کے مطابق اس دوران ملک بھر میں انٹرنیٹ صارفین کو خاص طور پر شام کے اوقات میں سروس کی سست رفتاری کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔پی ٹی سی ایل نے بتایا کہ وہ پاکستان کو عالمی انٹرنیٹ سے منسلک رکھنے کے لیے تین اہم زیر سمندر فائبر آپٹک کیبل نیٹ ورکس کا انتظام کرتی ہے، جو ملکی انٹرنیٹ انفراسٹرکچر کا اہم حصہ ہیں۔پاکستان میں اس وقت مجموعی طور پر چھ سب میرین کیبل سسٹمز فعال ہیں، جن میں پی ٹی سی ایل کے تین، ٹرانس ورلڈ ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دو، جبکہ ایک کیبل سائبر انٹرنیٹ سروسز کی پیس کیبل شامل ہے۔ان تمام کیبل سسٹمز کی مجموعی گنجائش تقریباً 13 ٹیرا بٹس فی سیکنڈ ہے جبکہ ملک میں اس وقت انٹرنیٹ کا استعمال 7 سے 8 ٹیرا بٹس فی سیکنڈ کے درمیان ہے۔ماہرین کے مطابق مرمت کے دوران متبادل راستوں پر ٹریفک منتقل کی جاتی ہے، جس کے باعث عارضی طور پر انٹرنیٹ کی رفتار متاثر ہوسکتی ہے، تاہم مرمت مکمل ہونے کے بعد سروس معمول پر آجائے گی۔

بقیہ 18

بنیادوں پر محروم نہیں کیا جاسکتا۔وفاقی آئینی عدالت نے 8اپریل کی سماعت کا تحریری حکم جاری کردیا۔فیصلے میں قرار دیا گیا کہ موجودہ کیس میں یہ تسلیم شدہ حقیقت ہے کہ سردار بیگم، چوہدری عبداللہ اور فاطمہ بی بی کی بیٹی تھیں تاہم انہیں اور ان کے ورثا کو وراثت کے عمل میں شامل نہیں کیا گیا۔حکم نامے کے مطابق سردار بیگم کا انتقال 1957 میں جبکہ ان کے والد عبداللہ خان کا انتقال 1968 میں ہوا۔وراثت کی تقسیم 1969 میں شروع ہوئی جو 1989 میں مکمل ہوئی۔عدالت نے سردار بیگم کے بچوں کو مقدمے میں فریق بنانے کی استدعا بھی منظور کرلی۔عدالت نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل سے آئندہ سماعت پر معاونت طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت 13مئی تک ملتوی کردی۔

بقیہ 19

کے حوالے سے پی اے سی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں مختلف محکموں کے افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی جبکہ رکن صوبائی اسمبلی رانا اقبال سراج بھی شریک ہوئے۔اجلاس کے دوران فوڈ اتھارٹی سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی سوال و جواب ہوا۔چیئرمین پی اے سی سید علی حیدر گیلانی نے فوڈ اتھارٹی ڈیپارٹمنٹ کی مجموعی کارکردگی پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ محکمہ فوری طور پر اپنی کارکردگی بہتر بنائے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات کرے۔رکن صوبائی اسمبلی رانا اقبال سراج نے بھی عوامی نوعیت کے کیسز پر زور دیتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ لوگوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔چیئرمین پی اے سی سید علی حیدر گیلانی نے محکمہ خوراک کو ہدایت کی کہ وہ فنانس ڈیپارٹمنٹ سے مشاورت کے بعد آئندہ اجلاس میں جامع بریفنگ پیش کرے اور ایسی موثر اسکیم متعارف کروائے جس سے عوام میں آگاہی بڑھے اور مسائل میں کمی آئے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ اپنی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے ایمپلائز کی کارکردگی کو نتائج سے منسلک کرے اور اخراجات بھی پرفارمنس کی بنیاد پر کیے جائیں۔اجلاس میں کنٹریکٹ ملازمین کے مسائل پر بھی غور کیا گیا، جس پر محکمہ کی جانب سے یقین دہانی کرائی گئی کہ ان مسائل کو جلد حل کیا جائے گا۔چیئرمین پی اے سی نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ رولز و ریگولیشنز کمیٹی کے سامنے پیش کیے جائیں اور فنانس ولا ڈیپارٹمنٹ سے مکمل مشاورت کے بعد انہیں حتمی شکل دی جائے تاکہ آئندہ کسی قانونی پیچیدگی سے بچا جا سکے۔مزید برآں چیئرمین سید علی حیدر گیلانی نے ہدایت کی کہ تمام مالی معاملات کی مکمل تصدیق (ویریفکیشن) اور آڈٹ کروایا جائے۔انہوں نے زور دیا کہ ریکوری سے متعلق تمام شواہد (اوپڈیس) آڈٹ حکام کے سامنے پیش کیے جائیں کیونکہ بعض ریکارڈ بینک اسٹیٹمنٹس اور دیگر دستاویزی ثبوتوں سے مکمل طور پر سپورٹڈ نہیں ہیں۔اجلاس میں گندم خریداری پالیسی، اسٹریٹیجک ریزرو، اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل پر بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔بتایا گیا کہ کسانوں کو ادائیگیاں براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹس میں منتقل کی جارہی ہیں اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے جدید نظام متعارف کروایا گیا ہے۔اختتام پر چیئرمین پی اے سی سید علی حیدر گیلانی نے ہدایت کی کہ محکمہ خوراک اپنی کارکردگی کو بہتر بناتے ہوئے آئندہ اجلاس میں واضح پیش رفت رپورٹ پیش کرے اور تمام آڈٹ اعتراضات کو شواہد کے ساتھ نمٹایا جائے۔

بقیہ 20

محروم ہوں گے۔ایرانی سفیر رضا امیری مقدم کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے وفد کی مولانا فضل الرحمان کی رہائش گاہ آمد ہوئی جہاں دونوں شخصیات کے درمیان اہم ملاقات ہوئی۔ملاقات میں حالیہ امریکہ-ایران جنگ کے اثرات، مضمرات سمیت اہم امور پر تفصیلی نشست ہوئی۔ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران امریکہ جنگ کے بارے میں مولانا فضل الرحمان کے جاندار موقف پر ایرانی قوم کی طرف سے شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔اس موقع پر مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے لئے پاکستان کی میزبانی پاکستان کا اعزاز ہے، جنگ بندی کی توقع اور مستقل امن کی تمنا کے ساتھ اسلامی بلاک کا قیام ہماری تمنا ہے۔انہوں نے کہا کہ اسلامی بلاک جمعیت علماء کے منشور کا حصہ ہے کیونکہ آج کے حالات سے اسلامی دنیا کے حکمرانوں کو سبق سیکھنا چاہیے کہ وحدت کے بغیر ہم ہمیشہ استعمال ہونگے اور ہم اپنے وسائل کے خود مالک نہیں رہیں گے۔مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ اسلامی ممالک کی خود مختاری کا احترام اور فلسطین کی آزادی ہماری مدنظر ہونا چاہیے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ مسلم امہ کا مل بیٹھ کر مضبوط قوت سے مسائل کو حل کرنا وقت کا تقاضا ہے۔

بقیہ 21

اٹک، جہلم، چکوال، تلہ گنگ، گجرانوالہ میں بارش کا امکان ہے۔حافظ آباد، وزیرآباد، سرگودھا، میانوالی، شیخوپورہ، گجرات، خوشاب اور منڈی بہاؤالدین میں بارشوں کی پیشگوئی ہے۔اس کے ساتھ لاہور، سیالکوٹ، نارووال، فیصل آباد، جھنگ، چنیوٹ، بھکر، لیہ، راجن پور، نور پور تھل اور ڈیرہ غازی خان اور گردونواح میں بارش کا امکان ہے۔پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے پیش نظر صوبے بھر کے کمشنرز و ڈپٹی کمشنرز کو الرٹ جاری کر دیا گیا ہے، آسمانی بجلی سے بچاؤ کے لئے محفوظ مقامات پر رہیں، آسمانی بجلی کی گرج چمک کے دوران کھلے مقامات تلے ہرگز نہ جائیں، کسان اپنی تمام ترپیشگی اقدامات موسمی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔سیاح شمالی علاقہ جات کے سفر میں احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ایمرجنسی صورتحال میں پی ڈی ایم اے کی ہیلپ لائن 1129 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 22

معاہدے کی راہ ہموار ہوگی۔اسرائیل اور لبنان دونوں نے حزب اللہ کے اثر و رسوخ کو کم کرنے کے لیے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا ہے، خیال رہے کہ یہ اجلاس 1993 کے بعد دونوں ممالک کی حکومتوں کے درمیان ہونے والی پہلی براہ راست بات چیت تھی۔امریکا میں اسرائیل کے سفیر یخیئل لیٹر نے کہا کہ تینوں ممالک کے نمائندوں کو معلوم ہوگیا ہے کہ ہم سب ایک ہی طرف کھڑے ہیں، اور یہی سب سے مثبت ترین نتیجہ ہے جو ہم اس ملاقات سے اخذ کرسکتے تھے۔انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ ہم اس بات پر متفق ہیں کہ لبنان کو اس طاقت کے چنگل سے آزاد کرایا جائے جس پر ایران حاوی ہے اور جسے حزب اللہ کہا جاتا ہے۔لبنان کی سفیر ندا حمادہ معوّاد نے اسرائیلی حکام کے ساتھ واشنگٹن میں ہونے والی ملاقات میں جنگ بندی کا مطالبہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ملاقات تعمیری رہی، انہوں نے متاثرہ لوگوں کے اپنے گھروں کو واپس جانے، اور لبنان کے تمام علاقے پر مکمل خود مختاری کے احترام پر زور دیا۔دوسری جانب جنوبی لبنان میں اسرائیل نے حزب اللہ کے تین جنگجو گرفتار کرکے اسرائیل منتقل کردیے۔اسرائیلی فوج نے لبنانی شہر بنت جبیل کو مکمل طور پر گھیر لیا ہے، جو جنوبی لبنان میں جاری زمینی حملے میں اہم پیش رفت ہے۔

بقیہ 23

بھی مارچ میں پی ایس ڈی پی میں 100 ارب روپے کی کٹوتی کی گئی تھی۔اب تک مجموعی طور پر ترقیاتی بجٹ پر 163ارب روپے کی کٹوتی ہوچکی ہے۔مارچ میں یہ کٹوتی پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں پر سبسڈی کے لیے کی گئی تھی، رواں مالی سال کے لیے پی ایس ڈی پی کا حجم ایک ہزار ارب روپے تھا۔ذرائع نے بتایا کہ پانی، تعلیم، صحت، ریلوے، ہاؤسنگ، آئی ٹی و ٹیلی کام اور تمام شعبوں کے ترقیاتی بجٹ میں کٹوتی کی گئی ہے۔

بقیہ 24

پولیس اہلکاروں کی واجبات ادا کرنے کے لیے فنڈز دستیاب ہیں۔واضح رہے خیبر پختونخوا میں پولیس اہلکاروں کی اپ گریڈیشن 2018 میں ہوئی تھی، اپ گریڈیشن کے باوجود پولیس اہلکاروں کو واجبات کی ادائیگی نہیں کی گئی تھی پولیس اہلکاروں نے واجبات ادا نہ کرنے پر انہوں نے عدالت سے رجوع کیا تھا۔عدالت کے حکم پر ان تمام پولیس اہلکاروں کی واجبات کی ادائیگی کی جائے گی۔

بقیہ 25

آپریشن حیدر علی، ایس ایس پی انویسٹی گیشن محمد طاہر، ایس پی کینٹ کائنات اظہر اور اے ایس پی کینٹ بلال خان چانڈیو کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ جلیل آباد اظہر عباس گل نے اسسٹنٹ سب انسپکٹر محمد نعیم اور آئی ٹی ٹیم کے ہمراہ پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے واردات میں ملوث ملزم کو بڑی مہارت اور کامیابی کے ساتھ ٹریس کر کے گرفتار کیا اور نقدی رقم 02 کروڑ روپے ریکوری کی۔سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر نے اپنے دفتر میں مدعی مقدمہ کو بلایا اور برآمد شدہ رقم 02 کروڑ روپے اس کے حوالے کی۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔مدعی مقدمہ نے بروقت کارروائی اور ریکوری پر ملتان پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 26

کرتے ہوئے مہم کو مزید موثر بنانے کیلئے جامع حکمت عملی مرتب کرلی ہے۔کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں خود فیلڈ میں متحرک ہیں اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا باقاعدہ آغاز کیا۔کمشنر کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی پولیو فری پنجاب کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جارہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ انسداد پولیو مہم 13اپریل سے شروع ہوکر 16اپریل تک جاری رہے گی، جس کے دوران ہر بچے تک رسائی یقینی بنانے کیلئے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ڈویژن بھر میں 10ہزار سے زائد ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو 26لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔کمشنر نے والدین پر زور دیا کہ پولیو فری پاکستان کیلئے ان کا تعاون ناگزیر ہے اور وہ اپنے بچوں کو ہر صورت حفاظتی قطرے پلائیں۔کمشنر عامر کریم خاں کا کہنا تھا کہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کیلئے پولیو ویکسینیشن انتہائی ضروری ہے اور کسی قسم کی غفلت ناقابل قبول ہوگی۔انہوں نے بتایا کہ ملتان ڈویژن میں پولیو کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا جو کہ انتظامیہ اور عوام کے مشترکہ اقدامات کا نتیجہ ہے۔اس موقع پر کمشنر نے اسکول میں ننھے بچوں سے براہ راست گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ ہی پاکستان کا روشن مستقبل ہیں اور آپ کی صحت ہماری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے بچوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بچے پولیو فری ہوگا تو پاکستان مضبوط اور محفوظ بنے گا، آپ سب میرے سفیر ہیں اور دوسروں کو بھی پولیو کے قطرے پلوانے کیلئے آگاہی دیں۔

بقیہ 27

دیے دی۔جسٹس چوہدری محمد اقبال نے سیالکوٹ کے رہائشی نوید خالد کی درخواست پر سماعت کی جس میں ویمن کالج یونیورسٹی کی 120ایکڑ اراضی واپس لینے کے اقدام کو چیلنج کیا گیا ہے۔پنجاب حکومت کے وکیل نے جواب جمع کروانے کے لیے مہلت کی استدعا کی جسے عدالت نے منظور کرتے ہوئے پہلے سے جاری حکم امتناعی میں توسیع کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کردی۔درخواست گزار کے مطابق پنجاب حکومت نے 2005ء میں وومن یونیورسٹی سیالکوٹ کے لئے 200ایکڑ اراضی مختص کی جس پر اب وومن یونیورسٹی کی اراضی پر تعمیراتی کام مکمل ہوچکا ہے اور طالبات زیر تعلیم ہیں۔وکیل نے بتایا کہ اب انتظامیہ نے یونیورسٹی کی 120ایکڑ جگہ واپس لینے کی منظوری دے دی ہے تاکہ اس پر سرکاری دفاتر کی تعمیر کیے جائیں۔

بقیہ 28

ایکٹیوازم پینل کی جانب سے دائر کی گئی۔درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ مہنگی بجلی کے باوجود شہریوں کو لوڈشیڈنگ کا سامنا ہے۔شہریوں کو بلا امتیاز بجلی کی فراہمی نہیں کی جارہی، لوڈشیڈنگ سے شہریوں کے کاروبار متاثر ہورہے ہیں۔دائر درخواست میں استدعا کی گئی کہ عدالت شہریوں کو بلا امتیاز بجلی کی فراہمی کا حکم دے اور لوڈشیڈنگ کے خاتمے کے احکامات جاری کرے۔

بقیہ 29

48ہزار 297 رہ گئی ہے۔کشمیر میڈیا سروس کے مطابق انہوں نے کہا کہ اس مہم کے دوران 48 لاکھ 82 ہزار 767 نئے ووٹرز شامل کئے گئے، لیکن تقریباً 2 کروڑ 6لاکھ ووٹروں کے نام فہرست سے حذف کر دیے گئے۔یوپی میں ایس آئی آر خصوصی جامع نظر ثانی مہم "سیاسی تنازع شدت اختیار کرگیا ہے۔حزب اختلاف کی جماعتوں نے ووٹروں کے نام بڑے پیمانے پر حذف کئے جانے کو جمہوریت کے ساتھ دھوکہ اور عوامی حق رائے دہی کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔

بقیہ 30

نے باجوڑ کے سرحدی علاقے کٹ کوٹ کے گاؤں ملک شاہین میں سول آبادی پر بلا اشتعال جارحیت کی جس کے نتیجے میں ایک ہی گھر سے خاتون اور دو بچوں سمیت 3افراد شہید اور 3شدید زخمی ہوگئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا سیکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان کچھ روز سے فتنۃ الخوارج کے ایک اہم گروپ کو پاکستان میں داخل کرانے کی کوشش کر رہے تھے، پاک فوج کی بروقت کارروائی کی وجہ سے فتنۃ الخوارج کی دراندازی کی کوشش ناکام بنادی گئی سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اس ناکامی سے مایوس افغان طالبان نے آج کٹ کوٹ میں پاکستان کی سول آبادی کو نشانہ بناڈالا، پاک فوج نے فوری جوابی کارروائی میں افغانستان سے فائر کرنے والی گن پوزیشن کو مکمل تباہ کردیا پاک فوج کی کارروائی میں باجوڑ سے ملحقہ تمام افغان طالبان پوسٹوں کو نشانہ بنایا جارہا ہے، جس سے افغان طالبان کا بھاری جانی نقصان ہوا۔باجوڑ کے مکینوں نے اس بزدلانہ کارروائی کی شدید مذمت کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 31

حکومت کی جانب سے اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل وقاص عمر سیال پیش ہوئے۔جونیئر وکیل نے استدعا کی کہ وکیل صاحب اسلام آباد میں مصروف ہیں آپ تاریخ دے دیں۔چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کہا کہ 2018 کا کیس ہے بدقسمتی سے آج لگ ہی گیا ہے تو وکیل صاحب نہیں آئے۔جونیئر وکیل نے کہا کہ وکیل صاحب نے وفاقی آئینی عدالت میں پیش ہونا ہے۔چیف جسٹس نے کہا کہ ہم نے کب روکا ہے کہ آپ وفاقی آئینی عدالت پیش نہ ہوں، ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ بدقسمتی سے کیس لگ گیا اور خوش قسمتی یہ ہے کہ وکیل نہیں آئے۔آپ آئندہ سماعت پر درخواست گزار کو ذاتی حیثیت میں پیش کریں۔وکیل صاحب نے تو مصروف ہی رہنا ہے درخواست گزار کو ہی فیصلہ تو کریں۔عدالت نے درخواست پر کارروائی آئندہ ہفتے تک ملتوی کردی۔

بقیہ 32

رہا ہے جہاں ڈونلڈ ٹرمپ کی قیادت میں امریکا 20 سال کی پابندی چاہتا ہے جبکہ ایران صرف 5 سال پر آمادہ ہے۔یورینیم ایک قدرتی مادہ ہے جسے افزودہ کر کے نیوکلیئر ری ایکٹرز میں ایندھن کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، افزودگی کے عمل میں U-235 کی مقدار بڑھائی جاتی ہے۔جیسے کہ 20 فیصد تک یورینیم کا افزودہ ہونا کم مقدار (سویلین استعمال کے لیے موزوں) بتائی جاتی ہے جبکہ 90 فیصد سے زیادہ یورینیم کا افزودہ ہونا ہتھیار بنانے کے قابل ہو جاتا ہے۔یہ عمل تیز رفتار سینٹری فیوجز کے ذریعے کیا جاتا ہے۔اقوام متحدہ کے ادارے انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے مطابق ایران کے پاس تقریباً 440 کلوگرام 60 فیصد افزودہ یورینیم موجود ہے جو نظریاتی طور پر 10 سے زائد ایٹمی ہتھیار بنانے کے لیے کافی ہوسکتا ہے۔ایران موقف رکھتا تھا کہ اس کا پروگرام صرف توانائی کے حصول کے لیے ہے جبکہ امریکا اور اس کے اتحادی اسے جوہری ہتھیار بنانے کی کوشش سمجھتے ہیں۔2015 کے جوہری معاہدے کے تحت ایران نے اپنی سرگرمیاں محدود کردی تھیں مگر 2018 میں امریکا اس معاہدے سے نکل گیا تھا۔

بقیہ 33

منظوری دے دی ہے، جن کی ادائیگی آئندہ ہفتے متوقع ہے۔وزارت خزانہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب کا موجودہ 5ارب ڈالر کا ڈپازٹ اب سالانہ بنیاد پر رول اوور کا پابند نہیں رہے گا بلکہ اسے طویل مدت کیلئے بڑھا دیا جائے گا۔واشنگٹن ڈی سی میں ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بہار اجلاس 2026 کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پاکستان کے لیے سعودی مالی تعاون اور حکومت کی بیرونی فنانسنگ حکمت عملی سے متعلق اہم تفصیلات شیئر کیں۔سینیٹر محمد اورنگزیب نے بتایا کہ یہ مالی معاونت پاکستان کی بیرونی فنانسنگ ضروریات کیلئے نہایت اہم وقت پر فراہم کی گئی ہے، جس سے زرمبادلہ ذخائر کو مضبوط بنانے اور بیرونی کھاتوں کو مستحکم کرنے میں مدد ملے گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت آئی ایم ایف پروگرام کے تحت اپنے اہداف کے مطابق ذخائر کو تقریباً 18ارب ڈالر تک لے جانے کیلئے پرعزم ہے، جو تقریباً 3.3 ماہ کی درآمدات کے برابر ہوں گے۔

بقیہ 34

نے کہا کہ بیٹنگ میں حارث بہت اچھا کھیلا، بابر سلو کھیلا تاہم کپتانی اچھی کری، مینڈس کے بارے میں بات کرنا فضول ہے کیونکہ اس کی فارم ٹاپ پر ہے۔انہوں نے کہا کہ فرحان یوسف اچھا کھیلا بر پیلیول اچھا پرفارم کرتا ہے۔سابق کرکٹر نے کہا کہ جوش فلپس، ایشٹن ٹرنر شاندار کھیلتے ہیں، شان مسعود نے بہت ڈیولپ کیا ہے،ایک بڑی اننگز مطلب 60 سے 70 کھیل لیتے تو میچ آخر تک جاتا، مجھے لگتا ہے کہ ان دونوں کا فائنل ہونا چاہیے۔

بقیہ 35

یومیہ ہدف کا 94فیصد حاصل کرلیا گیا ہے۔اس دوران 2ہزار 264خانہ بدوش بچوں کو بھی پولیو ویکسین فراہم کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ ضلع میں موجود ہر ٹارگٹ بچے کو 17اپریل تک پولیو کی حفاظتی ویکسین لازمی پلائی جائے۔انہوں نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں اور کسی بھی بچے کو حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہنے دیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ انسداد پولیو مہم قومی فریضہ ہے اور اس میں غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 36

فرنچائز حصہ لیں گی۔اس سے قبل لاہور قلندرز ٹورنامنٹ کے افتتاحی ایڈیشن کا بھی حصہ رہ چکی ہے ٹورنامنٹ میں ان کی دوبارہ شمولیت انٹرنیشنل کرکٹ میں فرنچائز کے بڑھتے ہوئے مقام اور مختلف لیگز کے درمیان مقابلوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو اجاگر کرتی ہے۔فرنچائز کرکٹ کی دنیا میں لاہور قلندرز کا شمار سب سے زیادہ فالو کی جانے والی اور کمرشلی طور پر کامیاب ٹیموں میں ہوتا ہے جنہوں نے شائقین کے ساتھ گہرے تعلق کی بنیاد پر ایک مضبوط برانڈ بنایا ہے۔لاہور قلندرز کے ٹیم اونر ثمین رانا نے اس حوالے سے کہا کہ ہم ایکسون موبل گلوبل سپر لیگ میں واپسی پر بے حد خوش ہیں، افتتاحی ایڈیشن اعلیٰ معیار کی کرکٹ اور عالمی روابط کے لیے ایک شاندار پلیٹ فارم تھا، اور ہمیں ایک بار پھر اس ٹورنامنٹ میں پاکستان کی نمائندگی کرنے پر فخر ہے۔یہ ٹورنامنٹ ہمیں اپنی صلاحیت، ثقافت اور مقصد کو دنیا کے سامنے پیش کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔مجھے رواں سال اپنے پلیئر ڈیولپمنٹ پروگرام کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو جی ایس ایل میں متعارف کرانے کا شدت سے انتظار ہے۔گلوبل سپر لیگ کے چیئرمین کلائیو لائیڈ نے کہا کہ لاہور قلندرز کو گلوبل سپر لیگ میں دوبارہ خوش آمدید کہتے ہوئے خوشی محسوس کر رہے ہیں۔لاہور قلندرز انٹرنیشنل ٹی ٹوئنٹی کرکٹ کی سب سے کامیاب فرنچائزز میں سے ایک ہے، جن کے پاس پرجوش فینز کی بڑی تعداد موجود ہے۔ان کی شمولیت ٹورنامنٹ کے معیار اور وقار میں نمایاں اضافہ کرے گی۔جی ایس ایل کے لئے لاہور قلندرز کے سکواڈ کا اعلان مناسب وقت پر کیا جائے گا۔

بقیہ 37

پوٹھوہاری ثقافت اور تہذیب صدیوں پر محیط شاندار تاریخ کی حامل ہے۔ان کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب تمام علاقائی زبانوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔وہ پوٹھوہاری ادبی بیٹھک راولپنڈی کے زیر اہتمام اور پنجاب آرٹس کونسل راولپنڈی کے اشتراک سے منعقدہ "پوٹھوہار کلچر ڈے" کی مرکزی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہی تھیں۔اس موقع پر سرپرست اعلیٰ پوٹھوہاری ادبی بیٹھک نعمان مشتاق راجا نے کہا کہ اس کامیاب تقریب نے ثابت کر دیا ہے کہ پوٹھوہار کی دھرتی ثقافتی ہی نہیں بلکہ علمی لحاظ سے بھی انتہائی زرخیز رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ یہی وہ خطہ ہے جہاں لوک روایت، شاعری اور داستان گوئی نے نسل در نسل ایک مضبوط شناخت کو جنم دیا اور آج بھی یہی ادبی تسلسل ہماری پہچان ہے۔ان کے مطابق، اس دن کو محض ایک تقریب نہیں بلکہ ایک فکری وتہذیبی تحریک کے طور پر منایا گیا تاکہ اپنی زبان، شناخت اور ورثے کو آنے والی نسلوں تک منتقل کیا جا سکے۔آج کا دن کوئی عام دن نہیں۔ایک عہد ہے۔تقریب سے قبل ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل عبدالشکور اور بانی چیئرمین پوٹھوہاری ادبی بیٹھک فیصل عرفان نے مہمانوں کا استقبال کیا۔مرکزی تقریب کے مختلف سیشنز میں رنگا رنگ پروگرام پیش کیے گئے۔پہلے سیشن میں روایتی لوک رقص بھی پیش کیا گیا جس میں ڈھول ماسٹر مزمل حسین، محمد اخلاق اور شہنائی نواز عظمت حسین نے فن کا مظاہرہ کیا۔دوسرے سیشن میں شادی بیاہ کے روایتی پوٹھوہاری لوک گیت پیش کیے گئے جنہیں عادل سلطان خاکی (گوجرخان)، اشتیاق محمود (واہ کینٹ) اور شکور احسن (گوجرخان) نے گایا، جبکہ مہمان خصوصی منتظر امام رضوی تھے۔تیسرے سیشن میں یعقوب انجم راجہ کے مقبول گیت "اچھوتساں کی سوہنزاں پوٹھوہار دساں" پر پوٹھوہاری گلوکار خادم علی ارشد نے شاندار پرفارمنس دی۔اس موقع پر مہمانان خصوصی میں طارق بٹ ساگری، عرفان بیگ (راولپنڈی) اور کرنل خالد مصطفیٰ شامل تھے۔چوتھے سیشن میں معروف شاعر قیصر راجا نے پوٹھوہاری شعر خوانی سے حاضرین کو محظوظ کیا۔اس سیشن کے مہمانان خصوصی میں ڈاکٹر طلعت شبیر (ڈائریکٹر، چین پاکستان اسٹڈی سنٹر)، ڈاکٹر ممتاز احمد، سینئر صحافی جاوید احمد، سید شبر حسین ایڈووکیٹ، محمود عالم نعمان مشتاق راجا، عبدالخطیب چوہدری اور بابر اورنگزیب چوہدری شامل تھے۔پانچویں اور آخری سیشن میں مادری زبانوں سے تعلق رکھنے والے شعراء کی محفل مشاعرہ منعقد ہوئی، جس کی صدارت احسن حفیظ نے کی۔مہمانان خصوصی میں شاہد لطیف ہاشمی (گوجرخان)، نوید اسلم کھوٹ (چکوال)، راشد عباسی (مری)، حسین امجد (اٹک)، عامر حبیب (سوہاوہ) اور جہانگیر عمران (راولپنڈی) شامل تھے، جبکہ مہمانان اعزاز میں سید تراب نقوی، شمسہ نورین اور عامر آزاد شریک ہوئے۔محفل مشاعرہ کی نظامت جنید غنی راجا اور شکور احسن نے کی، جس میں مختلف شہروں سے آئے شعراء نے اپنا کلام پیش کیا۔

بقیہ 38

کے خیال میں کووڈ-19 ویکسین ان کی موت کی وجہ بنی، اگرچہ انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ ان کے والد کو کچھ صحت کے مسائل لاحق تھے۔حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ان کے بیٹے جیکسن وارن نے کہا کہ ان کے خیال میں کووڈ-19 ویکسین ان کی موت کی وجہ بنی، اگرچہ انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ ان کے والد کو کچھ صحت کے مسائل لاحق تھے۔انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ شین وارن نے متعدد ویکسین ڈوز لی تھیں حالانکہ وہ اس کے خواہشمند نہیں تھے بلکہ پیشہ ورانہ تقاضوں کے باعث ایسا کرنا پڑا۔جیکسن کا کہنا تھا کہ وہ اب ان خیالات پر زیادہ غور نہیں کرتے کیونکہ اس سے غصہ بڑھتا ہے۔انہوں نے اپنے والد کو ایک خوش اور بہتر حالت میں قرار دیتے ہوئے کہا کہ اگرچہ ان کی کچھ بری عادات تھیں لیکن وہ مجموعی طور پر اچھی زندگی گزار رہے تھے۔

بقیہ 39

ہو اور ایج گروپ انڈر 19 کے لئے وہ کھلاڑی جو یکم جنوری 2008 کو یا اس کے بعد پیدا ہوئے ہوں، اوپن عمر کی کوئی حد نہیں۔عمر کے تعین کے لئے قومی شناختی کارڈ، ایف آر سی اور بی فارم کے مطابق کھلاڑی کا لاہور ڈویژن (لاہور، قصور، شیخوپورہ، ننکانہ صاحب) کا مستقل رہائشی ہونا ضروری ہے۔ٹرائلز صبح 10:00 بجے کرکٹ سٹیڈیم آشیانہ قائد نزد آشیانہ قائد ہاؤسنگ سکیم، کماہاں روڈ، فیروز پور روڈ، لاہور میں ہوں گے۔ڈویژنل سپورٹس آفیسر لاہور نے کھلاڑیوں سے درخواست کی ہے کہ ٹرائلز کے دن اپنی اہلیت کی تصدیق کے لیے اصل شناختی کارڈ یا بی فارم کے ساتھ برتھ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ اپنے ساتھ لائیں اور سلیکشن کمیٹی کو پیش کریں۔

بقیہ 40

ڈاؤن پالیسی کے برعکس زبردستی تندوروں اور دیگر دکانوں کو بند کرانے اور دکانداروں کو ہراساں کرنے کے واقعات ناقابل قبول ہیں، جن کے خلاف پہلے ہی ہنگامی اجلاس میں سخت مطالبات پیش کیے گئے تھے۔اجلاس میں اے سی سٹی کی فوری معطلی اور ٹرانسفر کرنے کا مطالبہ کیا گیا تھا، اور یہ بھی واضح کیا گیا تھا کہ جب تک متعلقہ افسر عوامی خدمت اور بہتر طرز عمل کی تربیت مکمل نہیں کرتے، انہیں کسی اور ضلع میں تعینات نہ کیا جائے۔اجلاس میں صدر ہائی کورٹ بار سمیعہ قریشی، صدر چیمبر آف کامرس سید ظفر شریف، صدر انجمن تاجران خرم سلیم، چیئرمین مرکزی انجمن تاجران سمیر الدین نجیب اللہ سمیت مختلف مذہبی، سیاسی اور سماجی تنظیموں کے نمائندگان شریک تھے۔سول سوسائٹی نے اعلان کیا ہے کہ اگر 18اپریل تک مطالبات پر عملدرآمد نہ ہوا تو فرید گیٹ پر بھرپور دھرنا دیا جائے گا، جبکہ اس سے قبل ہی انتظامیہ کی تمام تقریبات اور کمیٹیوں کے بائیکاٹ کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 41

کے ذرائع کے مطابق آر ایل این جی پاور ہائیڈرو اور آئل کی قلت کے باعث زیادہ لوڈشیڈنگ ہورہی ہے، جان بوجھ کر لوڈشیڈنگ کا شیڈول نہ دینا غیر اعلانیہ بندش کا باعث بن رہا ہے۔ذرائع این ٹی ڈی سی کے مطابق 2 کے بجائے 6.6 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے اور یہ سلسلہ کئی روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔

بقیہ 42

اور پاور ہٹنگ کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا جس کے لیے وہ روزانہ سخت پریکٹس بھی کرتے ہیں۔واضح رہے کہ صاحبزادہ فرحان نے 2025 کے آغاز سے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں غیر معمولی کارکردگی دکھاتے ہوئے سب سے زیادہ رنز اور چھکے لگانے کا اعزاز اپنے نام کیا ہے۔قومی ٹیم میں واپسی کے بعد انہوں نے 1219 رنز 85.35 کی اوسط اور 140 سے زائد اسٹرائیک ریٹ کے ساتھ اسکور کیے جبکہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں 383 رنز بنا کر نیا ریکارڈ بھی قائم کیا۔ان کی یہ کامیابی ڈومیسٹک کرکٹ میں شاندار پرفارمنس کے بعد ممکن ہوئی، جہاں انہوں نے نیشنل ٹی ٹوئنٹی کپ میں 605 رنز بنا کر سب کو متاثر کیا۔

بقیہ 43

زراعت، لائیو اسٹاک اور توانائی کے نئے ترقیاتی منصوبوں پر غور کیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ نے پشاور سے غلہ کی منتقلی کیلئے متبادل جدید گودام قائم کرنے کی ہدایت کی ہے، اگلے ترقیاتی پروگرام کیلئے اہم منصوبوں میں کوہاٹ، مردان، پشاور اور ضم اضلاع کو سیف سٹیز بنانے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔اجلاس میں ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں غلہ ذخیرہ کرنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے حامل گوداموں، جیلوں کو محفوظ بنانے، تھانوں کی مضبوطی، سپیشل برانچ کو جدید ٹیکنالوجی اور سی ٹی ڈی ڈسٹرکٹ سیٹ اپ کے قیام کی تجویز بھی دی گئی ہے۔علاوہ ازیں مختلف اضلاع میں 18 ایکسائز تھانوں کے قیام کیلئے زمین کی خریداری کی سکیم، ضم اضلاع میں منی سولر گرڈ، تیراہ میں مائیکرو ہائیڈرو پاور سٹیشنوں کی بحالی اور نئے فیڈرز کیلئے سکیمیں بنانے کی تجویز بھی دی گئی ہے۔اجلاس میں 22 میگا واٹ پاترک شرینگل ہائیڈرو پاور سٹیشن کے قیام کیلئے منصوبہ شامل کرنے پر غور کیا گیا ہے۔

بقیہ 44

ترسیل اور نگرانی کے نظام کو بھی چیک کیا۔کمشنر نے ہدایت کی کہ امتحانات کو ہر صورت شفاف، منصفانہ اور نقل سے پاک بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے ڈیوٹی پر مامور عملے کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض دیانتداری سے انجام دیں۔کمشنر نے امتحانی مراکز میں صفائی، پینے کے صاف پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔اس موقع پر کنٹرولر امتحانات مظفر حسین اور دیگر متعلقہ افسران بھی کمشنر کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 45

سسٹم کی تنصیب مکمل کی جاچکی ہے، جو توانائی کے بحران کے پیش نظر ایک اہم پیش رفت ہے۔انہوں نے بتایا کہ یہ منصوبے سکول سٹاف اور مخیر حضرات کے باہمی تعاون سے مکمل کیے جارہے ہیں، جو تعلیم دوست معاشرے کی عکاسی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری تعلیمی ادارے اب معیاری تعلیم کے مراکز بن چکے ہیں، جس کے باعث والدین کا اعتماد بھی ان اداروں پر بڑھ رہا ہے۔سی ای او ایجوکیشن نے وزیراعلیٰ پنجاب اور وزیر تعلیم کے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی کاوشوں سے تعلیمی اداروں میں سہولیات مسلسل بہتر ہو رہی ہیں اور آنے والے دنوں میں مزید سکولوں میں سولر سسٹم، نئے کلاس رومز، واٹر پیوریفکیشن پلانٹس سمیت دیگر جدید سہولیات فراہم کی جائیں گی۔تقریب کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سکول ہیڈ مسٹریس کلثوم مصطفیٰ اور ایک ایس ایس ٹی کو تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔اس موقع پر سینئر ہیڈ ماسٹر اور سابق ڈپٹی ڈی ای او مہر رحیم بخش واندر نے بھی شرکت کی اور تعلیمی ترقی کے لیے جاری اقدامات کو سراہا۔

بقیہ 46

تاہم وہ ایسی تمام کوششوں کو ناکام بنائیں گے انہوں نے کہا کہ علاقے کا ہر فرد ان کے کردار اور خدمات سے بخوبی واقف ہے اور ضرورت پڑنے پر ان کے حق میں گواہی دینے کو تیار ہے انہوں نے مزید کہا کہ وہ قانون کی پاسداری پر یقین رکھتے ہیں اور ہمیشہ شفافیت اور دیانتداری کو ترجیح دی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ سچ جلد سامنے آجائے گا اور مخالفین کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا آخر میں رانا اشتیاق احمد نے میڈیا اور عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ آئندہ بھی ضلع مظفر گڑھ کی بہتری اور عوامی خدمت کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 47

سیمینار میں محمود جاوید بھٹی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی محتسب پنجاب کا ادارہ صوبے کے تمام سرکاری اداروں کے متعلق عوامی شکایات کے فوری ازالہ کے لیے کوشاں ہے، جہاں شہری بغیر وکیل شکایت درج کرواتے ہی ان کے مسائل قلیل مدت میں حل کیے جارہے ہیں۔آگاہی سیمینار میں ریجنل دفتر محتسب پنجاب اسٹنٹ ایسوسی ایٹ معاذ حسن بختیار نے بھی شرکت کی۔مشیر صوبائی محتسب ملتان محمود جاوید بھٹی نے کا مزید کہنا تھا کہ عوام الناس کسی بھی صوبائی محکمے کے خلاف شکایات کی صورت میں صوبائی محتسب کے علاقائی دفتر یا صدر دفتر لاہور کو اپنی شکایات بذریعہ ڈاک بھی بھیج سکتے ہیں۔جبکہ درخواست گزار کو درخواست کی سماعت کے حوالے سے ان کے موبائل نمبر پر ایس ایم ایس کے ذریعے درخواست کی تاریخ سماعت اور مقررہ وقت سے آگاہ کر دیا جاتا ہے۔انہوں نے صوبائی محتسب کے اغراض وغایت، مقاصد، افادیت اور کارکردگی کے حوالے سے عوام الناس کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی محتسب کے ویژن اور ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے عوام کو انصاف کی فراہمی کے لئے صوبے بھر میں موجود علاقائی دفاتر کے ذریعے عوام کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوشش کی جاتی ہے۔آگاہی سیمینار میں شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔موقع پر شکایات کا اندراج کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔شہریوں نے دفتر محتسب پنجاب کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 48

بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) سمیت دیگر وفاقی اداروں سے متعلق اپنی شکایات پیش کیں۔انہوں نے وفاقی محتسب کی جانب سے شہریوں کی شکایات پر فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔انہوں نے کہا کہ اگر کسی شہری کو وفاقی اداروں سے خدمات حاصل کرنے میں مشکلات درپیش ہوں یا انہیں غیر ضروری تاخیر کا سامنا ہو، تو وہ فوری طور پر وفاقی محتسب کے دفتر سے رابطہ کریں۔کیونکہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوام کی سہولت اور فوری ریلیف کے لیے کھلی کچہریوں اور عوام الناس کو ان کی دہلیز پر انصاف کی رسائی تک کے مشن پر عملدرآمد کرتے ہوئے ملک بھر کے مختلف علاقوں کے دورے جاری رکھتا ہے۔تاکہ شہریوں کے مسائل قوانین کے مطابق حل کیے جاسکیں۔کھلی کچہری میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کیے، جہاں 12 سے زائد درخواستیں بھی موصول ہوئیں۔جن پر فوری عمل درآمد کے احکامات جاری کئے گئے۔وفاقی محتسب کی جانب سے موقع پر موجود وفاقی اداروں کے افسران کو ہدایت کی کہ وہ عوام کے لیے آسانیاں پیدا کریں اور ہر ممکن تعاون یقینی بنائیں۔

بقیہ 49

کوششیں تیز کرنے کی ہدایت۔تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفر گڑھ سید غضنفر علی شاہ کا دارالحکومت اسلام آباد میں ہونے والے امریکہ، ایران امن مذاکرات کی 5 روزہ ایمرجنسی ڈیوٹی سے واپسی پر دفتر پولیس میں فوری میٹنگ کا انعقاد میٹنگ میں ایس پی انویسٹی گیشن مظفر گڑھ، ڈی ایس پی صدر سرکل اور ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔میٹنگ کے دوران ڈی پی او مظفر گڑھ کو ضلع کے امن وامان اور تھانہ روہیلانوالی میں 10سالہ بچے کے قتل کے مقدمہ بارے میں مکمل پراگریس پیش کی گئی، تھانہ شاہ جمال میں ہوئی ڈکیتیوں کی مختلف وارداتوں کو ٹریس کرنے کیلئے کوششوں سے آگاہ کیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید غضنفر علی شاہ نے تمام مقدمات کی یکسوئی کیلئے جامع ہدایات جاری کیں، جرائم کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہدایات دیں۔

بقیہ 50

ترقیاتی سکیموں کی پیشرفت، فنڈز کے استعمال اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد، ایم ڈی واسا جواد کلیم اللہ، ایس ای بلڈنگ ماجد حمید، ایس ای ہائی وے حسنین زیدی، ایس ای ایریگیشن منیر عباس، ڈائریکٹر ایگریکلچر مہر عابد حسین، پرنسپل میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر بلال سعید، ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر منصور افغان اور پولیٹیکل اسسٹنٹ امیر تیمور سمیت متعلقہ محکموں کے افسران موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر مظفر گڑھ عثمان طاہر جپہ، ڈپٹی کمشنر لیہ آصف علی، ڈپٹی کمشنر راجن پور عمران حسین اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کوٹ ادو قدسیہ ناز نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔اجلاس میں پنجاب پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ذیشان حنیف نے ویڈیو لنک سے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو شروع کرنے کے طریقہ کار اور قواعد کے بارے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی۔ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ وسیم خان جتوئی نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ڈویژن بھر میں اس وقت 434 ترقیاتی سکیمیں منظور کی جاچکی ہیں جن کے لیے مجموعی طور پر 36 ارب روپے مختص کیے گئے جبکہ 32ارب روپے جاری بھی ہوچکے ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ رواں مالی سال کے دوران ترقیاتی سکیموں پر عملدرآمد اور فنڈز کے موثر استعمال کے حوالے سے ڈیرہ غازی خان ڈویژن پورے پنجاب میں پہلی پوزیشن پر ہے۔اجلاس میں سڑکوں اور پلوں کی تعمیر، انفراسٹرکچر کی بہتری، سیوریج سسٹم کی اپ گریڈیشن، پنجاب ایجوکیشن پروگرام، وزیراعلیٰ کی فلیگ شپ سکیموں، صاف پانی کی فراہمی، تعلیمی اداروں میں سہولیات کی بہتری اور غازی یونیورسٹی میں نئی عمارات کی تعمیر سمیت مختلف منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس میں بتایا گیا کہ صاف پانی کی فراہمی کے لیے صاف پانی کمپنی کے تحت واٹر فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب بنیادی اور دیہی مراکز صحت کی اپ گریڈیشن دیہی ترقی کے حوالے سے مثالی گاؤں پروگرام کے تحت 36دیہات کو ماڈل ویلیجز میں تبدیل کیا جارہا ہے جہاں صفائی، سیوریج، پینے کے پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے۔بیوٹیفکیشن پراجیکٹس پر بھی کام جاری ہے، جن میں پارکس کی بحالی، گرین بیلٹس کی تزئین وآرائش اور شاہراہوں کی خوبصورتی شامل ہے۔سڑکیں بحال، پنجاب خوشحال پروگرام کے تحت سڑکوں کی تعمیر ومرمت کا کام بھی تیزی سے جاری ہے، جس سے نہ صرف آمدورفت میں آسانی پیدا ہورہی ہے بلکہ معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ مل رہا ہے۔حکومتی اقدامات کے نتیجے میں عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آرہی ہے کمشنر اشفاق احمد چوہدری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں تمام محکمے باہمی رابطے کو مزید موثر بنائیں تاکہ ترقیاتی اہداف جلد از جلد حاصل کیے جاسکیں۔

بقیہ 51

ابراہیم ولد اللہ دتہ شامل ہیں بچوں کو ڈی ایچ اے اور متی تل روڈ سے حفاظتی تحویل میں لیا گیا بیورو ترجمان کے مطابق بچوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے چائلڈ پروٹیکشن بیورو سنٹر منتقل کر دیا گیا ہے چائلڈ پروٹیکشن بیورو کی جانب سے بچوں کے لواحقین کی تلاش جاری ہے لواحقین چائلڈ پروٹیکشن بیورو یا چائلڈ ہیلپ لائن 1121 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 52

دوسرا زخمی ہوگیا۔حادثہ اڈا ظہیر نگر کے قریب پیش آیا، حادثے میں دو موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوئے ایک موقع پر دم توڑ گیا، جاں بحق ہونے والے شخص کی دلبر حسین عمر 55 سال سکنہ 166 ای بی بورے والا جبکہ زخمی حنظلہ ولد حنیف کے نام سے شناخت ہوئی ہے۔حادثے کی اطلاع پر پولیس کے اعلیٰ حکام ریسکیو ٹیموں کے ساتھ موقع پر پہنچ گئے، جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش کو ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس حکام کے مطابق حادثے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہے، تحقیقات کے بعد ہی اصل حقائق سامنے آئیں گے۔

بقیہ 53

کرنے والے صحافی کو حراست میں لے لیا گیا۔امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق کویتی صحافی احمد شہاب نے 6 ہفتے پہلے کویت سٹی میں امریکی فورس کے تباہ ہوئے لڑاکا طیارے کی ویڈیو پوسٹ کی تھی۔کمیٹی ٹو پروٹیکٹ جرنلسٹ نے کہا ہے کہ صحافی پر جھوٹی خبر پھیلانے اور قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے الزامات ہیں۔بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ الزامات مبہم اور وسیع نوعیت کے ہیں جنہیں آزادانہ کام کرنے والے صحافیوں کو خاموش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بقیہ 54

ڈاکٹر آصف علی (تمغہ امتیاز) نے کہا کہ ایک کامیاب سائنسدان بننے کے لیے سوال کرنے کا ہنر سیکھنا نہایت ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ تحقیق کا آغاز سوال سے ہوتا ہے اور وہی سوال نئی دریافتوں، نئے خیالات اور تحقیق کے نئے دروازے کھولتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس کے دور میں طلبہ کو صرف معلومات حاصل کرنے تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ انہیں یہ بھی سیکھنا چاہیے کہ درست اور موثر سوال کیسے کیا جاتا ہے۔وائس چانسلر نے مزید کہا کہ سائنس کوئی بھی بات حتمی نہیں ہوتی بلکہ ہر نئی تحقیق مزید سوالات کو جنم دیتی ہے۔اسی لیے نوجوانوں کو تجسس، تنقیدی سوچ اور تحقیق کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھنا چاہیے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جدید دور میں سائنٹیفک رائٹنگ کی مہارت ہر محقق کے لیے اہمیت کے حامل ہے کیونکہ ایک اچھا تحقیقی کام اسی وقت موثر ثابت ہوتا ہے جب اسے درست انداز میں تحریر کیا جائے۔سات روزہ ٹریننگ کے دوران شرکاء کو تحقیقی مقالہ لکھنے کے اہم اجزاء، ریسرچ پیپر کے مختلف حصوں، مسئلہ تحقیق، لٹریچر ریویو، طریقہ کار، نتائج، بحث اور حوالہ جات کے درست استعمال کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی جائے گی۔اس کے علاوہ سائنٹیفک رائٹنگ کے بنیادی اصول، موثر زبان کا استعمال، تحقیقی اخلاقیات، حوالہ نویسی اور بین الاقوامی جرائد میں مقالہ شائع کروانے کے طریقہ کار پر تربیت دی جائے گی۔اس موقع پر ڈائریکٹر گریجویٹ اسٹڈیز ڈاکٹر راؤ اکرام، چیئرمین آو آر آئی سی ڈاکٹر عثمان جمشید، فوکل پرسن ڈاکٹر عثمان علی اور ڈاکٹر مس ایمن بتول موجود تھیں۔

بقیہ 55

گئی۔کیمپ کے دوران ماہر ڈاکٹر ملک محبوب قادر نے اہلکاروں کا تفصیلی طبی معائنہ بھی کیا اور انہیں صحت سے متعلق مفید مشورے فراہم کیے۔اس موقع پر بتایا گیا کہ کیمپ کا بنیادی مقصد پولیس ملازمین کی صحت کا جائزہ لینا اور انہیں شوگر، موٹاپے اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ کے لیے بروقت آگاہی اور سہولیات فراہم کرنا ہے۔سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر نے میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں موجود طبی عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں۔انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پولیس اہلکاروں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ایسے فلاحی اقدامات آئندہ بھی جاری رکھے جائیں گے تاکہ پولیس فورس کی صحت اور کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 56

جدید تقاضوں اور عالمی معیار کے مطابق ہم آہنگ کیا جائے۔وائس چانسلر نے اس موقع پر تعلیمی نظام میں بہتری، تدریسی طریقہ کار میں جدت اور معیار کو برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی کہ وہ موثر حکمت عملی کے تحت تعلیمی کارکردگی اور ادارہ جاتی استعداد کو مزید بہتر بنایا جائے۔انہوں نے نشتر میڈیکل یونیورسٹی کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ادارہ اعلیٰ معیار کی طبی تعلیم، تحقیق اور ایک جدید تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 57

ہوئی۔سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی۔اکیڈمی آمد پر ان کا استقبال ایئر وائس مارشل شہریار خان، ایئر آفیسر کمانڈنگ، پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان نے کیا، جبکہ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی اس موقع پر موجود تھے۔فارغ التحصیل کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے انہیں ٹریننگ کامیابی سے مکمل کرنے پر مبارکباد دی اور اکیڈمی کو باکردار، منظم اور پیشہ ور افسران تیار کرنے پر سراہا۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ نوجوان افسران پاک فضائیہ کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے "سیکنڈ ٹو نن" کے وژن کو آگے بڑھائیں گے۔انہوں نے مئی 2025 کے معرکہ حق کے دوران پاک فضائیہ کی شاندار کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس کامیابی کو سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی متحرک قیادت میں جدت طرازی، بصیرت افروز حکمت عملی اور جدید ٹیکنالوجی کے موثر انضمام کا نتیجہ قرار دیا۔انہوں نے ملٹی ڈومین آپریشنز، خصوصاً الیکٹرانک وارفیئر، سائبر اور اسپیس ڈومینز میں پی اے ایف کی بڑھتی ہوئی مہارت کو اجاگر کیا اور فارغ التحصیل افسران پر زور دیا کہ وہ مستقبل کے چیلنجز کے لیے بروقت ردعمل کے ذریعے خود کو تیار رکھیں۔مشترکہ آپریشنز کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ پاک بحریہ، دیگر مسلح افواج کے ساتھ مکمل ہم آہنگی کے ذریعے اپنی آپریشنل صلاحیتوں کو مزید بہتر بنا رہی ہے، اور جدید پلیٹ فارمز کی شمولیت کے ذریعے قومی بحری مفادات کے تحفظ اور کسی بھی جارحیت کا موثر مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔انہوں نے پاکستان کو درپیش پیچیدہ اور بدلتے ہوئے سیکیورٹی ماحول کا ذکر کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مسلح افواج، قوم کی غیر متزلزل حمایت کے ساتھ، ملک کے دفاع اور خطے میں امن واستحکام کے قیام کے لیے پرعزم ہیں۔اس موقع پر مجموعی طور پر 113 ایوی ایشن کیڈٹس نے گریجویشن مکمل کی۔سربراہ پاک بحریہ نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس میں ٹرافیاں تقسیم کیں۔ایوی ایشن کیڈٹ اسکواڈرن انڈر آفیسر نادر علی کو جنرل سروس ٹریننگ میں مجموعی بہترین کارکردگی پر چیف آف دی ڈیفنس فورسز ٹرافی سے نوازا گیا۔

بقیہ 58

گئی ہے۔ایس ای سی پی کے مطابق نئی قائم ہونے والی کمپنیوں کا مجموعی ادا شدہ سرمایہ 2.80ارب روپے رہا، جو مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے تسلسل کی نشاندہی کرتا ہے۔رپورٹ کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کاری کی بھی حوصلہ افزائی ہوئی، جہاں 58 نئی رجسٹرڈ کمپنیوں میں بیرونی سرمایہ شامل ہوا۔چین سب سے بڑا سرمایہ کار بن کر سامنے آیا جس نے 28 کمپنیوں میں سرمایہ کاری کی، جو دیگر ممالک کے مقابلے میں نمایاں برتری ہے۔اس کے علاوہ افغانستان (7)، برطانیہ (4)، اور روس، ناروے، جرمنی اور برٹش ورجن آئی لینڈز (ہر ایک 2) سے بھی سرمایہ کاری آئی جبکہ امریکہ اور سعودی عرب سمیت دیگر کئی ممالک سے بھی انفرادی سرمایہ کاری دیکھنے میں آئی۔

بقیہ 59

کیں۔اس موقع پر ملت فیکٹری کی انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر زراعت کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی جس میں بتایا گیا کہ گرین ٹریکٹر پروگرامز کے تحت کاشتکاروں کو نمایاں ریلیف ملا ہے جبکہ ملکی ٹریکٹر انڈسٹری کو بھی خاطر خواہ فائدہ پہنچا ہے۔تقریب کے دوران صوبائی وزیر نے جدید ٹریکٹرز اور ہارویسٹرز کا تفصیلی معائنہ کیا جبکہ فیکٹری کے مختلف شعبہ جات، بشمول آلات کی تیاری، اسمبلنگ ہال اور دیگر پیداواری یونٹس کا بھی دورہ کیا۔اس موقع پر سپیشل سیکرٹری زراعت پنجاب آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل محکمہ زراعت پنجاب زاہد مشتاق میر اور نوید عصمت کاہلوں بھی موجود تھے۔صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت اب تک 6700درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔انہوں نے کہا کہ پورٹل پر منظور شدہ 5056درخواستوں میں سے 1139 کسانوں اور سروس پرووائیڈرز کو بلاسود قرض کی منظوری دی جاچکی ہے۔مزید برآں 280 درخواست گزاروں کی بکنگ کے نتیجے میں 102 کو زرعی مشینری فراہم کی جا چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی وزیراعلیٰ پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور زرعی پیداوار میں اضافہ اور لاگت میں کمی کے لیے جدید زرعی مشینری کا استعمال ناگزیر ہوچکا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ زرعی ترقی کے فروغ کے لیے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موجودہ دور کی اہم ضرورت ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کے حوصلہ افزا نتائج سامنے آرہے ہیں اور گزشتہ دو برسوں میں 30 ہزار سے زائد زرعی مشینری سبسڈی پر کاشتکاروں کو فراہم کی جاچکی ہے۔انہوں نے مقامی مینوفیکچررز پر زور دیا کہ وہ ہائی ٹیک فارم میکانائزیشن کے فروغ کے لیے آگے آئیں اور اس قومی مقصد میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 60

نوابزادہ مصطفیٰ احمد خان نے ہمیشہ عوام کے مسائل کو سننے اور انہیں حل کرنے کی کوشش کی ہے۔وہ حلقے کے لوگوں کے دکھ سکھ میں برابر کے شریک رہتے ہیں، چاہے خوشی کا موقع ہو یا غم کا وہ ہمیشہ اپنے علاقے کے لوگوں کے ساتھ کھڑے نظر آتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ نوجوانوں میں بھی ان کی خاصی مقبولیت پائی جاتی ہے اور لوگ انہیں ایک مخلص اور درد دل رکھنے والا رہنما سمجھتے ہیں ان کی شخصیت میں سادگی، خلوص اور عوامی خدمت کا جذبہ نمایاں ہے۔وہ نوجوان نسل کیلئے بھی ایک مثبت مثال ہیں کہ سیاست صرف اقتدار کا نام نہیں بلکہ عوام کی خدمت اور مسائل کے حل کا نام ہے۔اگر اسی جذبے کے ساتھ اپنی سیاسی جدوجہد جاری رکھتے ہیں تو یقیناً مستقبل میں وہ علاقے کی سیاست میں ایک مضبوط اور نمایاں مقام حاصل کرسکتے اہل علاقہ کی یہی دعا ہے کہ نوابزادہ مصطفیٰ احمد خان اسی طرح عوام کے درمیان رہ کر خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا کردار ادا کرتے رہیں۔

بقیہ 61

پی او اظہر اکرم نے پولیس افسران کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ تھانہ کلچر میں تبدیلی اور عوام کو انصاف کی فوری فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے واضح کیا کہ پولیس افسران کے دروازے عوام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں اور سائلین کے مسائل حل نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔انہوں نے تفتیشی افسران کو ہدایت کی کہ مقدمات کو میرٹ پر یکسو کیا جائے تاکہ کسی کی حق تلفی نہ ہو۔کھلی کچہری میں علاقے کے معززین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور آر پی او کی جانب سے براہ راست شکایات سننے کے اقدام کو سراہا۔شہریوں کا کہنا تھا کہ اس طرح کے اقدامات سے پولیس اور عوام کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط ہوگا۔

بقیہ 62

گرام سونے کی قیمت میں بھی 3001 روپے کا اضافہ ہوگیا اور نئی قیمت 4لاکھ 31ہزار 637روپے کی سطح پر آ گئی۔سونے کی قیمتیں بڑھنے کے ساتھ ہی ملک میں چاندی بھی مہنگی ہوگئی۔فی تولہ قیمت میں 144 روپے کے اضافے سے چاندی کی نئی قیمت 8404 روپے اور 124روپے کے اضافے سے 10 گرام چاندی کی قیمت 7205روپے کی سطح پر آگئی۔واضح رہے کہ ہفتے اور پیر کے روز عالمی اور مقامی سطح پر سونے کی قیمتوں کمی کے بعد گزشتہ روز نرخوں میں اضافہ ریکارڈ ہوا تھا۔

بقیہ 63

اکاؤنٹس میں پیسے جمع اور نکلوانے کی اجازت نہیں ہوگی، کرپٹو کرنسی اکاؤنٹس میں بینک خود ایڈوانس یا صارفین کی رقم کو استعمال نہیں کریں گے جبکہ بینکوں میں کرپٹو کرنسی اکاؤنٹس صرف پاکستانی روپے میں آن لائن ٹریڈ ہوں گے۔

بقیہ 64

گئیں۔ملک اویس حیدر کھکھڑ نے دکانداروں کے مسائل کو غور سے سنا اور یقین دہانی کروائی کہ ان کے حل کے لیے متعلقہ اداروں سے فوری رابطہ کیا جائے گا۔ایم این اے نے کہا کہ حکومت تاجروں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کرے اور کوٹ سلطان جیسے اہم تجارتی مرکز کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرے۔انہوں نے مزید کہا کہ بازاروں کی بہتری سے نہ صرف کاروباری سرگرمیاں فروغ پائیں گی بلکہ مقامی معیشت بھی مستحکم ہوگی۔دورے کے دوران شہریوں نے ایم این اے سے خوشگوار ماحول میں ملاقات کی اور علاقائی ترقی کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔اس موقع پر مقامی سیاسی وسماجی شخصیات بھی ان کے ہمراہ موجود تھیں۔

بقیہ 65

اور نقد جمع یا نکاسی کی اجازت نہیں ہوگی، بینک وی اے ایس پیز کی جانچ پڑتال کریں گے اور نگرانی یقینی بنائیں گے۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ مشکوک لین دین رپورٹ ایف ایم یو کو ہوگی اور قوانین پر عمل لازم ہوگا، بینک فنڈز یا صارفین کی رقم سے ورچوئل اثاثوں میں سرمایہ کاری نہیں کرسکیں گے۔

سپورٹس

PSL11 میں پشاور زلمی کا امتحان اب شروع ہوگا، باسط علی

دو اہم کھلاڑی چلے گئے، بیٹنگ میں حارث، بہت اچھا کھیلا، بابر سکو کھیلا، کپتانی اچھی کی

کراچی (پینانیوز) سابق کرکٹر باسط علی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل 11 میں پشاور زلمی کا امتحان اب شروع ہوگا۔ ایک انٹرویو میں سابق کرکٹر باسط علی نے کہا کہ پی ایس ایل میں پشاور زلمی کا امتحان اب شروع ہوگا کیونکہ بنگلادیش کے کھلاڑی واپس چلے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل تک کے میچز میں پشاور ٹاپ پر ہے ان کے بولرز نے شاندار بولنگ کی ان کی مینیجمنٹ کو کریڈٹ جاتا ہے، اب ان کا امتحان ہوگا کیونکہ بنگلادیش کے دونوں فاسٹ بولرز چلے جائیں گے۔ باسط علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لاہور قلندرز کی ایکسون موبل گلوبل سپر لیگ میں شرکت کی تصدیق

پی ایس ایل کی تین بار چیمپیئن کا ایک بار پھر انٹرنیشنل لیول پر اپنی واپسی کا اعلان

لاہور (پینانیوز) پی ایس ایل کی 3 بار کی چیمپئن اور دنیا کی معروف ترین کرکٹ فرنچائز لاہور قلندرز نے ایکسون موبل گلوبل سپر لیگ (جی ایس ایل) میں شرکت کی تصدیق کر کے ایک بار پھر انٹرنیشنل لیول پر اپنی واپسی کا اعلان کر دیا۔ جی ایس ایل 23 جولائی سے یکم اگست 2026 تک گیانا نیشنل سٹیڈیم میں منعقد ہوگا، جس میں دنیا بھر کی صفِ اول کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

شین وارن کی موت کا ذمہ دار کون ہے؟ بیٹے کا تہلکہ خیز انکشاف

وہ اب ان خیالات پر زیادہ غور نہیں کرتے کیونکہ اس سے غصہ بڑھتا ہے، جیکسن

ملتان (ویب ڈیسک) آسٹریلیا کے سابق کپتان شین وارن کی موت کو چار سال کا عرصہ بیت گیا ہے۔ لیجنڈری لیگ اسپنر شین وارن کی اچانک موت کے چار سال بعد ایک بار پھر ان کے انتقال کی وجوہات پر بحث چھڑ گئی ہے۔ 52 سالہ شین وارن 2022 میں تھائی لینڈ میں ایک ہوٹل کے کمرے میں مردہ پائے گئے تھے۔ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق ان کی موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی تھی۔ حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے ان کے بیٹے جیکسن وارن نے کہا کہ ان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

لاہور ڈویژن کرکٹ ٹیم کیلئے ٹرائلز 21 اپریل کو ہوں گے

منتخب ٹیم وزیراعلیٰ پنجاب انٹر ڈویژن چیمپئن شپ 2026ء میں حصہ لے گی

لاہور (بیورو چیف) لاہور ڈویژن کی کرکٹ ٹیم کے انتخاب کے لیے ٹرائلز 21 اور 22 اپریل 2026 کو ہوں گے۔ منتخب ٹیم وزیراعلیٰ پنجاب انٹر ڈویژن چیمپئن شپ 2026ء میں حصہ لے گی۔ ٹرائلز ڈویژنل سپورٹس آفس لاہور کے زیرِ نگرانی ہوں گے، ٹرائلز میں اہلیت کے لیے کھلاڑی کا انڈر 23 سال جن کی پیدائش یکم جنوری 2004ء یا اس کے بعد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

پہلے دباؤ میں رہتا تھا، اب کرکٹ کو انجوائے کرتا ہوں، صاحبزادہ فرحان

افتخار احمد اور کوچ عبدالرحمان کے مشوروں نے اسٹرائیک ریٹ اور پاور ہٹنگ کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا

ملتان (ویب ڈیسک) پاکستان کے ابھرتے ہوئے اوپنر صاحبزادہ فرحان کا کہنا ہے کہ پہلے کارکردگی کے حوالے سے دباؤ میں رہتا تھا، اب کرکٹ کو انجوائے کرتا ہوں جس سے نتائج بہتر ہوئے۔ اسپورٹس ویب سائٹ کرک انفو کو دیے گئے انٹرویو میں صاحبزادہ فرحان نے اسٹیو اسمتھ کے ساتھ اوپننگ کو اعزاز قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ ان سے بہت کچھ سیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے اعتراف کیا کہ افتخار احمد اور کوچ عبدالرحمان کے مشوروں نے ان کے اسٹرائیک ریٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

محسن نقوی کا پی ایس ایل ٹیموں کیلئے عشائیہ

ڈنر میں پی ایس ایل میں شریک ٹیموں کے کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کے ممبران نے شرکت کی

کراچی (پینانیوز) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے پی ایس ایل ٹیموں کیلئے عشائیہ کا انعقاد کیا گیا۔ محسن نقوی نے پی ایس ایل میں شریک کرکٹرز کو دو دریا پر واقع ریستوران میں ڈنر دیا۔ ڈنر میں پی ایس ایل میں شریک ٹیموں کے کھلاڑیوں اور کوچنگ اسٹاف کے ممبران نے شرکت کی۔ اس موقع پر چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کھلاڑیوں سے گھل مل گئے اور ان سے مختلف امور پر بات چیت کرتے اور انہیں کارکردگی بہتر بنانے کیلئے مشورے دیتے رہے۔

انسداد پولیو مہم قومی فریضہ، غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی، عثمان خالد

ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد کی زیر صدارت قومی پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران کی شرکت

پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے تمام محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت فیلڈ میں اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں، ڈپٹی کمشنر

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان محمد عثمان خالد کی زیر صدارت قومی پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ صحت، یونیسیف، عالمی ادارہ صحت اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اور مہم کی پیش رفت سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ قومی پولیو مہم کے دوسرے روز مجموعی طور پر 2 لاکھ 56 ہزار 212 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے جبکہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ڈیرہ غازیخان، ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد قومی پولیو مہم کے دوسرے روز کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوامی فلاح کے منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی اولین ترجیح، کمشنر

کمشنر اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لینے کیلئے اجلاس

CEO پبلک پرائیویٹ پارٹنرز شپ ڈاکٹر ذیشان حنیف نے بذریعہ ویڈیو لنک ترقیاتی منصوبوں بارے بریفنگ دی

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری کی زیر صدارت سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری منصوبوں پر کام کی رفتار کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژن بھر میں جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ڈیرہ غازی خان، کمشنر اشفاق احمد چوہدری سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری منصوبوں کے جائزہ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

14 اپریل کو ہر سال "پوٹھوہار کلچر ڈے" سرکاری سطح پر منانے کا اعلان

پوٹھوہار کلچر ڈے کو فکری و تہذیبی تحریک کے طور پر منایا گیا: نعمان مشتاق راجا

خطہ پوٹھوہار علمی و ثقافتی لحاظ سے زرخیز خطہ ہے، فیصل عرفان

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات پنجاب شازیہ رضوان نے اعلان کیا ہے کہ "پوٹھوہار کلچر ڈے" آئندہ ہر سال 14 اپریل کو سرکاری سطح پر منایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پوٹھوہاری ایک نہایت خوبصورت زبان ہے جبکہ خطہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

کویت میں تباہ ہوئے امریکی لڑاکا طیارے کی ویڈیو پوسٹ کرنیوالا صحافی زیر حراست

کویت سٹی (پینانیوز) کویت میں امریکا کے تباہ ہونے والے لڑاکا طیارے کی ویڈیو پوسٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

بوریوالہ میں کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار شہری جاں بحق، ایک شدید زخمی

بوریوالہ (سٹی رپورٹر) بوریوالہ میں کار اور موٹر سائیکل میں تصادم سے ایک شخص جاں بحق اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

چائلڈ پروٹیکشن کا ریسکیو آپریشن، 2 بچے حفاظتی تحویل میں لے لئے

بچوں کو ڈی ایچ اے اور متی تل روڈ سے حفاظتی تحویل میں لیا گیا

حفاظتی تحویل میں لئے گئے بچوں میں 13 سالہ طاہر، 11 سالہ ابراہیم شامل

ملتان (سٹی رپورٹر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر ریسکیو آپریشن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نے گھر سے بھاگے گمشدہ 2 بچے حفاظتی تحویل میں لے لئے۔ حفاظتی تحویل میں لئے گئے بچوں میں 13 سالہ طاہر ولد طارق، 11 سالہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

سول سوسائٹی بہاولپور کا مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے پر احتجاجی دھرنے کا اعلان

جب تک متعلقہ افسر عوامی خدمت اور بہتر طرز عمل کی تربیت مکمل نہیں کرتے، انہیں کسی اور ضلع میں تعینات نہ کیا جائے، مطالبہ

بہاولپور (بیورو چیف) سول سوسائٹی بہاولپور نے گزشتہ دنوں ہونے والے اجلاس کے مطالبات پر عملدرآمد نہ ہونے پر 18 اپریل کی ڈیڈلائن دیتے ہوئے فرید گیٹ پر احتجاجی دھرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ سول سوسائٹی رہنماؤں کا کہنا ہے کہ لاک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ڈیرہ غازیخان، غازی یونیورسٹی میں سائبر کرائم کی روک تھام سے متعلق منعقدہ سیمینار کے شرکاء کا گروپ فوٹو

کامیاب سائنسدان بننے کیلئے سوال کرنے کا ہنر سیکھنا نہایت ضروری ہے، آصف علی

تحقیق کا آغاز سوال سے ہوتا ہے اور وہی سوال نئی دریافتوں، نئے خیالات اور تحقیق کے نئے دروازے کھولتا ہے

ملتان (سٹی رپورٹر) محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی میں سائنٹیفک رائٹنگ سرٹیفکیٹ ٹریننگ کے اکیسویں بیچ کا آغاز کر دیا گیا۔ سات روزہ تربیتی پروگرام میں 18 فیکلٹی ممبران پوسٹ گریجویٹ طلبہ کو سائنسی تحقیق، سوال کرنے کی اہمیت، تحقیقی مقالہ نویسی اور سائنٹیفک رائٹنگ کے بنیادی اصولوں کی تربیت فراہم کریں گے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی ملتان، پروفیسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)



کراچی، اسٹاک مارکیٹ میں بروکر ٹریڈنگ میں مصروف ہیں

ملتان سمیت پنجاب بھر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافہ

ملتان (سٹی رپورٹر) ملک بھر کی تمام ڈسکوز میں بجلی کی صورتحال ابتر ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق بجلی کا اوسط شارٹ فال ساڑھے 3 ہزار میگاواٹ سے بھی بڑھ گیا جس کے باعث ملتان سمیت پنجاب بھر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوگیا ہے۔ لیسکو میں شارٹ فال ایک ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہوگیا ہے۔ نیشنل ٹرانسمیشن اینڈ ڈسپیچ کمپنی (این ٹی ڈی سی) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

پولیس لائنز میں مفت میڈیکل کیمپ، درجنوں اہلکاروں کا طبی معائنہ

ملتان (وقائع نگار) سی پی او ملتان صادق علی ڈوگر کی سربراہی میں ملتان پولیس اور کنسلٹنٹ اینڈوکرائنولوجسٹ کے اشتراک سے پولیس لائنز ملتان میں ایک روزہ مفت سکریننگ میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پولیس اہلکاروں کے لیے شوگر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، جگر اور ہیپاٹائٹس سمیت مختلف امراض کی مفت سکریننگ کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

نشتر میڈیکل یونیورسٹی میں اکیڈمک کونسل کا 33واں اجلاس

ملتان (ہیلتھ رپورٹر) وائس چانسلر نشتر میڈیکل یونیورسٹی ملتان پروفیسر ڈاکٹر مہناز خاکوانی کی زیر صدارت اکیڈمک کونسل کا 33واں اجلاس سنڈیکیٹ ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تعلیمی پالیسیوں، نصاب کی بہتری اور ادارہ جاتی ترقی سے متعلق اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ مختلف ایجنڈا آئٹمز پر غور کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا گیا کہ تعلیمی پروگرامز کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

2026-27 کا بجٹ غریب و متوسط طبقے کا بجٹ ہو گا، سہیل آفریدی

اگلے ترقیاتی پروگرام کیلئے اہم منصوبوں میں کوہاٹ، مردان، پشاور اور ضم اضلاع کو سیف سٹیز بنانے کی بھی تجویز

ڈویژنل ہیڈکوارٹرز میں غلہ ذخیرہ کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے حامل گوداموں، جیلوں کو محفوظ بنایا جائے گا، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (یو این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ سال 2026-27 کا بجٹ نوجوانوں اور غریب و متوسط طبقے کا بجٹ ہوگا۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی زیر صدارت محکمہ پلاننگ و ڈویلپمنٹ کا اجلاس ہوا، اجلاس میں محکمہ ایکسائز، بلدیات، کلائمیٹ چینج، خوراک، ہاؤسنگ، داخلہ، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

پوٹھوہار کلچر ڈے کے موقع پر تقریب میں شریک عادل سلطان خاکی، راشد عباسی، رحمن حفیظ، ساجد قریشی، جہانگیر عمران، حسین امجد، عامر آزاد، عامر شفیق قریشی، فیصل عرفن، نعمان مشتاق راجا اور منظر الطاف شامی

مستقبل کے چیلنجز کیلئے بروقت ردعمل کے ذریعے خود کو تیار رکھیں، سربراہ پاک بحریہ

پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان میں گریجویشن تقریب کا انعقاد، سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو بھی موجود تھے

نوجوان افسران پاک فضائیہ کی شاندار روایات کو برقرار رکھتے ہوئے "سیکنڈ ٹو نن" کے وژن کو آگے بڑھائیں گے، ایڈمرل نوید اشرف

اسلام آباد (خبر نگار) پی اے ایف اکیڈمی اصغر خان، رسالپور میں 152ویں جی ڈی (پی)، 98ویں انجینئرنگ، 109ویں ایئر ڈیفنس (الفا براوو)، 28ویں ایڈمن اینڈ اسپیشل ڈیوٹیز (الفا براوو)، 11ویں لاجسٹکس (الفا) اور 135ویں کامبیٹ سپورٹ کورسز کی گریجویشن تقریب منعقد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

کامرس

پاکستان میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 11 فیصد اضافہ

مارچ کے دوران 2,993 نئی کمپنیاں رجسٹر، مجموعی تعداد 290,041 تک پہنچ گئی

اسلام آباد (پینانیوز) پاکستان کے کارپوریٹ سیکٹر نے مارچ 2026 میں اپنی ترقی کا سلسلہ جاری رکھا، جہاں 2,993 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن ہوئی۔ یہ پیش رفت سرمایہ کاروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور غیر ملکی سرمایہ کاری، خصوصاً چین کی جانب سے بڑھتی ہوئی دلچسپی کی عکاسی کرتی ہے، یہ اعداد و شمار سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں۔ گوادر پرو کے مطابق گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 11 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جس کے بعد ملک میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد 041,290 تک پہنچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

وزیراعلیٰ کی اولین ترجیح کسانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی فراہمی، عاشق حسین

ہائی ٹیک فارم میکنائزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت کاشتکاروں میں کمبائن ہارویسٹرز کی چابیاں تقسیم

ملتان (کامرس رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت زرعی شعبے کی جدید خطوط پر ترقی کے لیے جاری ہائی ٹیک فارم میکنائزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت کسانوں اور سروس پرووائیڈرز کو کمبائن ہارویسٹرز کی پہلی کھیپ فراہم کر دی گئی۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب میں صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے ملت فیکٹری میں خوش نصیب کاشتکاروں اور سروس پرووائیڈرز میں کمبائن ہارویسٹرز کی چابیاں تقسیم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

صوبائی وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی ہائی ٹیک فارم میکنائزیشن فنانسنگ پروگرام کے تحت کسانوں اور سروس پرووائیڈرز میں کمبائن ہارویسٹرز چابیاں تقسیم کر رہے ہیں

سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت مزید بڑھ گئی

گزشتہ روز سونے کی قیمتوں میں کمی کے بعد گزشتہ روز نرخوں میں اضافہ ریکارڈ ہوا تھا

کراچی (پینانیوز) سونے اور چاندی کی عالمی و مقامی مارکیٹوں میں قیمت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 35 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 811 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ دوسری جانب عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی کاروباری ہفتے کے تیسرے دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 3500 روپے کا اضافہ ریکارڈ ہونے سے نئی قیمت 5 لاکھ 3 ہزار 462 روپے فی تولہ ہوگئی۔ اسی طرح مقامی سطح پر فی 10 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

سٹیٹ بینک کی کرپٹو کمپنیوں کو بینک اکاؤنٹس کی اجازت

کرپٹو کمپنیاں بینکوں میں اب کلائنٹ منی اکاؤنٹس کے نام سے پہلی بار اکاؤنٹس آپریٹ کریں گی

کراچی (پینانیوز) سٹیٹ بینک آف پاکستان نے کرپٹو کمپنیوں کو بینک اکاؤنٹس کی اجازت دیدی۔ حکومت نے کرپٹو کمپنیوں پر ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 نافذ کر دیا۔ سٹیٹ بینک کے مطابق پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی سے لائسنس یافتہ کرپٹو کمپنیاں بینک اکاؤنٹس کھول سکتی ہیں، کرپٹو کمپنیاں بینکوں میں اب کلائنٹ منی اکاؤنٹس کے نام سے پہلی بار اکاؤنٹس آپریٹ کریں گی۔ سٹیٹ بینک سرکلر میں بتایا گیا کہ کلائنٹ منی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

ورچوئل اثاثوں کو قانونی حیثیت دینے کیلئے نیا قانون نافذ

اسٹیٹ بینک کے ریگولیٹڈ ادارے لائسنس یافتہ وی اے ایس پیز اکاؤنٹس کھول سکیں گے

کراچی (پینانیوز) اسٹیٹ بینک نے ورچوئل اثاثوں کو قانونی حیثیت دینے کے لیے نیا قانون نافذ کر دیا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق پاکستان ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی لائسنسنگ اور نگرانی کی ذمے دار ہوگی، اسٹیٹ بینک کے ریگولیٹڈ ادارے لائسنس یافتہ وی اے ایس پیز اکاؤنٹس کھول سکیں گے۔ مرکزی بینک کا کہنا ہے کہ بینکوں کو وی اے ایس پی کا لائسنس حاصل کر کے اس کی تصدیق کرنا ہوگی، صارفین کے فنڈز کے لیے علیحدہ کلائنٹ منی اکاؤنٹس ہوں گے اور رقوم ملانا ممنوع ہوگا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق یہ اکاؤنٹس روپے میں ہوں گے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

امتحانات کو ہر صورت شفاف، منصفانہ اور نقل سے پاک بنایا جائے، اشفاق احمد

کمشنر اشفاق احمد چوہدری کا امتحانی مراکز کا دورہ، طلبہ کو فراہم کی جانیوالی سہولیات، سکیورٹی انتظامات و دیگر امور کا جائزہ لیا

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن و چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن اشفاق احمد چوہدری نے میٹرک کے جاری سالانہ امتحانات کے سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول کوٹ چھٹہ میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ کمشنر نے امتحانی سنٹر پر طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات، سکیورٹی انتظامات اور امتحانی عمل کی شفافیت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے امتحانی مواد کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

ڈیرہ غازیخان، کمشنر اشفاق احمد چوہدری گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول کوٹ چھٹہ میں قائم امتحانی مرکز کا دورہ کر رہے ہیں

گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول چک 162 میں سولر سسٹم کی تنصیب کی افتتاحی تقریب

یہ منصوبے سکول سٹاف اور مخیر حضرات کے باہمی تعاون سے مکمل کیے جا رہے ہیں، جو تعلیم دوست معاشرے کی عکاسی ہے، ڈاکٹر عبدالقیوم

لیہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ تعلیم کی جانب سے ضلع بھر میں تعلیمی سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کے سلسلے میں گورنمنٹ ہائر سیکنڈری سکول چک 162 میں سولر سسٹم کی تنصیب کے موقع پر ایک پروقار افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن ڈاکٹر عبدالقیوم خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالقیوم خان نے کہا کہ ضلع لیہ میں اب تک 66 سرکاری سکولوں میں سولر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

لیہ، سی ای او تعلیم ڈاکٹر عبدالقیوم خان اساتذہ کو تعریفی سند دے رہے ہیں

میرا کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں، اشتیاق احمد

کچھ عناصر ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے لیے منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف بزنس مین رانا اشتیاق احمد نے اپنے اوپر لگائے جانے والے الزامات کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کا کسی بھی غیر قانونی سرگرمی سے کوئی تعلق نہیں اور ان کا دامن مکمل طور پر صاف ہے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع مظفرگڑھ ان کا قیمتی سرمایہ ہے اور وہ ہمیشہ علاقے کی ترقی اور عوامی فلاح کے لیے کام کرتے رہے ہیں رانا اشتیاق احمد کا کہنا تھا کہ کچھ عناصر ان کی ساکھ کو نقصان پہنچانے کے لیے منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

اسسٹنٹ کمشنر مظفرگڑھ علی سمیر کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ

شفاف امتحانات کے لیے کئے گئے سخت انتظامات کا جائزہ لیا

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر مظفرگڑھ علی سمیر نے کمپری ہینسو سکول اور خورشید آبادی سکول سمیت مختلف امتحانی مراکز کا اچانک دورہ کیا اور شفاف امتحانات کیلئے سخت انتظامات کا جائزہ لیا اور زیرو ٹالرنس پالیسی، بہتر سہولیات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

نوابزادہ مصطفیٰ سیاست کو خدمتِ خلق کا ذریعہ سمجھتے ہیں

نوابزادہ مصطفیٰ احمد خان نے ہمیشہ عوام کے مسائل کو سن کر انہیں حل کرنے کی کوشش کی ہے



مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نوابزادہ محمد احمد خان کے فرزند ہیں نوابزادہ مصطفیٰ احمد خان ایک ایسے نوجوان سیاسی رہنما کے طور پر ابھر رہے ہیں جو نہ صرف اپنے خاندانی سیاسی پس منظر کی وجہ سے پہچانے جاتے ہیں بلکہ اپنی شائستگی نیک سیرتی اور عوامی خدمت کے جذبے کی وجہ سے بھی عوام کے دلوں میں جگہ بنا رہے ہیں وہ امیدوار ایم این اے نوابزادہ محمد احمد خان کے بڑے فرزند ہیں اور اپنے والد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے سیاست کو خدمتِ خلق کا ذریعہ سمجھتے ہیں نوجوان قیادت کے طور پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

سرکاری محکموں سے متعلق عوامی شکایات کے فوری ازالہ کیلئے کوشاں ہیں، محمود جاوید بھٹی

مشیر صوبائی محتسب ملتان محمود جاوید بھٹی نے میونسپل کمیٹی دفتر شجاع آباد میں " عوامی آگاہی سیمینار " کا انعقاد کیا

شہریوں کو بغیر وکیل شکایت درج کرواتے ہی ان کے مسائل قلیل مدت میں حل کئے جا رہے ہیں

ملتان (وقائع نگار) صوبائی محتسب پنجاب کی ہدایت پر مشیر صوبائی محتسب ملتان محمود جاوید بھٹی نے میونسپل کمیٹی دفتر شجاع آباد میں " عوامی آگاہی سیمینار " کا انعقاد کیا، اس موقع پر مشیر صوبائی محتسب ملتان 2 وقار حسین بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آگاہی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

مشیر صوبائی محتسب ملتان محمود جاوید بھٹی آگاہی عوامی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

پولیس افسران عوامی شکایات کے ازالے میں کوتاہی نہ برتیں، اظہر اکرم

آر پی او ڈیرہ غازی خان اظہر اکرم کی کروڑ لعل عیسن میں کھلی کچہری، سائلین کے مسائل سنے، حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کئے

سائلین کے مسائل حل نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی کی جائے گی، ریجنل پولیس آفیسر

کروڑ لعل عیسن (تحصیل رپورٹر)) ریجنل پولیس آفیسر (آر پی او) ڈیرہ غازی خان اظہر اکرم نے تھانہ کروڑ لعل عیسن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ اس موقع پر انہوں نے علاقے سے آئے ہوئے سائلین کی شکایات فرداً فرداً سنیں اور ان کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری کے دوران مجموعی طور پر 40 درخواستیں موصول ہوئیں، جن میں سے بیشتر کا تعلق پولیس تفتیش میں تاخیر اور بااثر افراد کے خلاف کارروائی سے تھا۔ آر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

آر پی او ڈیرہ غازی خان اظہر اکرم تھانہ کروڑ لعل عیسن میں کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

جرائم کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کئے جائیں، غضنفر علی شاہ

ڈی پی او کی افسران کو 10 سالہ بچے کے قتل، ڈکیتیوں کے ملزمان کو گرفتار کرنے کی ہدایت

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او مظفرگڑھ کی دارالحکومت اسلام آباد میں منعقد ہونے والے امریکہ، ایران امن مذاکرات کی سپیشل پانچ روزہ ڈیوٹی سے واپس ضلع میں آتے ہی فوری طور پر دفتر پولیس میں میٹنگ، تھانہ روہیلانوالی میں 10 سالہ بچے کے قتل کی پروگریس اور تھانہ شاہ جمال و خان گڑھ میں ہونے والے ڈکیتیوں کو ٹریس کرنے کیلئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مظفرگڑھ، ڈی پی او سید غضنفر علی پولیس افسران کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں

ریجنل آفس ملتان کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر حسن غلام محمد کا کوٹ ادو کا دورہ

میپکو کے خلاف 30 سے زائد کیسز کی سماعت، شکایت کنندگان کو 6 لاکھ سے زائد کا ریلیف

ملتان (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب پاکستان نوید کامران بلوچ کی ہدایت پر ریجنل آفس ملتان کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر حسن غلام محمد نے کوٹ ادو کا دورہ کیا۔ انہوں نے وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف میپکو کمپلیکس میں واقع ایکسین دفتر میں عام الناس کی شکایات کی سماعت کی۔ اس موقع پر شہریوں نے بجلی، گیس، نادرا، پاسپورٹ، پاکستان بیت المال، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

وفاقی محتسب کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر حسن غلام محمد کوٹ ادو میں کھلی کچہری میں عوام الناس کی شکایات کی سماعت کر رہے ہیں

رکن قومی اسمبلی ملک اویس حیدر جکھڑ کی کوٹ سلطان آمد

صدر بازار کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں پر جا کر دکانداروں سے ملاقاتیں کیں

لیہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رکن قومی اسمبلی ملک اویس حیدر جکھڑ کی کوٹ سلطان آمد، صدر بازار کا دورہ کیا اور مختلف دکانوں پر جا کر دکانداروں سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر دکانداروں نے ایم این اے کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جن میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، گیس کی قلت، صفائی کے ناقص انتظامات اور بازار میں بنیادی سہولیات کی کمی شامل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

رکن قومی اسمبلی ملک اویس حیدر جکھڑ صدر بازار دورہ کے موقع پر تاجروں سے ملاقات کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد جنید ملک نے درانی آرٹ پریس ملتان سے چھپوا کر مکان نمبر 11 گلی نمبر 08 بلاک یونیو ملتان سے شائع کیا۔ ریذیڈنٹ ایڈیٹر: اسداللہ داؤدی
فون نمبر: 0302-8652233 asiaurdu1@gmail.com